الحزب الأعظم

تالیف:

شیخ ملا علی قاری ہروی، مکیؒ ۱۰۱۴ھ

ترجمہ:

رشید احمد مولانا موسیٰ سیلودوی

مدرس: جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل، گجرات (الہند)

مکتبۂ ارشاد، ڈابھیل، گجرات (الہند)

www.besturdubooks.wordpress.com

تفصیلات

نام کتاب : الحزب الأعظم والورد الأفخم

مؤلف : شیخ ملا علی قاری ہروی مکیؒ ۱۰۱۴ھ

تصحیح وتخریج : مولانا ابوبکر بن مصطفیٰ پٹنی

ترجمہ : رشید احمد مولانا موسیٰ سیلودوی

کمپیوٹر کتابت وٹائٹل سازی : (مولوی) محمد ساجد بن مصطفیٰ پٹنی

سائز : ۲۰×۳۰/۳۲

مکتبہ ارشاد، ڈابھیل

ضلع نوساری، گجرات (انڈیا) ۳۹۶۴۱۵

PUBLISHER

MAKTABA IRSHAD. PROP. RASHID AHMED SILUDIWALA

DABHEL DISTT. NAVSARI 396415

(GUJARAT) INDIA

www.besturdubooks.wordpress.com

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ الذي ھدانا لِھٰذا وما کُنَّا لنَھتَديَ لولا أنْ ھدانا اللّٰہ، والصلاۃُ والسلامُ علیٰ مَن بُعِثَ داعیًا إلی اللّٰہِ بإذنہ وسراجًا ومنیرًا، وعلیٰ الہ وصحبہ ومن تَبِعَھم بإحسان إلیٰ یوم الدین. أما بعد!

مشہور ومعروف محدث وفقیہ شیخ نورالدین علی بن سلطان محمد قاری، حنفی، نقشبندی، ہروی، مکی معروف بہ "مُلّا علی قاری" متوفی ۱۰۱۴ھ رحمۃُ اللّٰہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃ کی مقبول ومتداول کتاب: "الحزب الأعظم والورد الأفخم" (دعاؤں کا بڑا مجموعہ اور عظیم الشان وظائف) کے اس نئے ترجمے کا پسِ منظر یہ ہے کہ میرے رفیق تدریس برادرم گرامی قدر مولانا مفتی ابوبکر صاحب پٹنی زید مجدہٗ اور راقم الحروف کے مابین اس کتاب کی تصحیح وتنقیح اور ایک جدید ترجمے کی ضرورت سے متعلق کئی بار گفتگو ہوتی رہی، اور مولانا موصوف ان دونوں ناگزیر کاموں کے لیے مجھ سے فرمائش کرتے رہے؛ مگر عدیم الفرصتی کی بنا پر میں ان سے معذرت کرتا رہتا، تاہم ان کا اصرار بڑھتا رہا، بالآخر اتفاق اس بات پر ہوا کہ دونوں کام باہم تقسیم کر لیے جائیں: سو میرے حصے میں ترجمہ نگاری آئی اور ان کے حصے میں تصحیح وتنقیح ومراجعہ کا کام؛ انھوں نے تو اپنا کام رجب ۱۴۴۲ھ میں بحمدہ تعالیٰ بحسن وخوبی انجام دے دیا، اور منصۂ شہود پر آ بھی گیا، فَجَزَاھُمُ اللّٰہُ عَنِّي وَعَنْ جَمِیْعِ الْمُسْتَفِیْدِیْنَ جَزَاءً حَسَنًا اور میرے حصے کا کام باقی تھا،

www.besturdubooks.wordpress.com

جس کی تکمیل کے لیے رب علیم وخبیر کے علم میں رمضان ۱۴۲۹ھ کے مبارک ایام تھے: لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ.

لائقِ ذکر ہے کہ ترجمہ کی تسوید کے دوران اس کتاب کے مراجع سے جہاں استفادہ کیا گیا وہیں کتاب کے دونوں قدیم اردو تراجم (از: حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھیؒ متوفی ۱۳۶۲ھ موافق ۱۹۴۳ء، اور حضرت مولانا بدر عالم میرٹھیؒ متوفی ۱۳۸۵ھ موافق ۱۹۶۵ء) سے بھی بھرپور اکتسابِ فیض کیا گیا: فَتَغَمَّدَهُمَا اللّٰهُ بِغُفْرَانِهِ وَأَدْخَلَهُمَا فَسِيْحَ جِنَانِهِ.

چوں کہ ربِّ غنی نے ہم انسانوں کو احتیاج کے دھاگوں سے آپس میں منسلک کر رکھا ہے، اور ضرورت کے رشتے میں باہم باندھ رکھا ہے؛ اس لیے مجھے بھی چند معاونین ومحسنین کی ضرورت پیش آئی، سو میں ایسے تمام حضرات کا بصمیم قلب شکر گزار اور دعا گو ہوں، کہ اللہ رب العزت میری جانب سے انھیں اجر عظیم اور اپنی خوشنودی سے نوازے۔ آمین

اخیراً جملہ قارئین سے اس راقم آثم اور اس کے مرحوم والدین کے لیے دعا کی التجا ہے۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ.

رشید احمد مولانا موسیٰ پانچ بھایا، سیلودوی
جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین، ڈابھیل
۱۲/ جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ / ۶/ جون ۲۰۰۹ء بروز شنبہ

www.besturdubooks.wordpress.com

مقدمة المؤلف

دیباچۂ مؤلفؒ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ دَعَانَا لِلْإِيْمَانِ، وَهَدَانَا بِالْقُرْاٰنِ،

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے لائق ہیں جس نے ہمیں ایمان کی جانب بلایا،

وَأَجَابَ دَعْوَتَنَا بِالْفَضْلِ وَالْإِحْسَانِ، وَالصَّلَاةُ

اور ہمیں قرآن کے ذریعہ ہدایت دی اور ہماری دعاؤں کو از راہِ فضل واحسان قبول

وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْخَلْقِ الدَّاعِيْ إِلٰى دَعْوَةِ الْحَقِّ،

فرمایا، اور رحمت وسلامتی نازل ہو سچے مذہب کی جانب سب کو بلانے والے سردارِ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَتَابِعِيْهِ وَحِزْبِهِ الدُّعَاةِ إِلٰى كَلِمَتِهٖ،

کائنات پر اور آپ کے پیغام کی جانب دعوت دینے والے اور آپ کی شریعت

وَالرُّعَاةِ لِأُمَّتِهٖ فِيْ مِلَّتِهٖ.

کے پیروکاروں کے نگران: آپ کے اہلِ خانہ وصحابہ وتابعین واعوان وانصار پر۔

www.besturdubooks.wordpress.com

أَمَّا بَعْدُ! فَيَقُوْلُ الْعَبْدُ الدَّاعِي مَغْفِرَةَ رَبِّهِ

اما بعد: بندہ علی بن سلطان محمد قاری ستر اللہ عیوبہما عرض

الْبَارِي، عَلِيُّ بْنُ سُلْطَانَ مُحَمَّدِ الْقَارِي— سَتَرَ

پرداز ہے کہ جب بعض سالکینِ طریقت کو میں نے دیکھا کہ وہ

اللّٰهُ عُيُوْبَهُمَا وَغَفَرَ ذُنُوْبَهُمَا— :لَمَّا رَأَيْتُ بَعْضَ

معتبر مشائخ کے اَوراد اور علمائے کرام کے وظائف بڑے شوق

السَّالِكِيْنَ يَتَعَلَّقُوْنَ بِأَوْرَادِ الْمَشَايِخِ الْمُعْتَبَرِيْنَ،

وذوق کے ساتھ پڑھتے ہیں حتی کہ بعض تو ''دعاءِ سیفی'' اور

وَبِأَحْزَابِ الْعُلَمَاءِ الْمُكَرَّمِيْنَ، حَتّٰى رَأَيْتُ بَعْضَهُمْ

''اربعین اسمی'' کا بھی ورد رکھتے ہیں، ادھر بعض عوام کو دیکھا

تَعَلَّقُوْا بِالدُّعَاءِ السَّيْفِيِّ، وَالْأَرْبَعِيْنَ الْإِسْمِيِّ،

کہ وہ دُعاءِ قدح جیسی دعا پڑھا کرتے ہیں اور اس کی ایسی

وَوَجَدْتُ بَعْضَ الْعَوَامِّ يَتَقَيَّدُوْنَ بِقِرَاءَةِ دُعَاءٍ نَحْوِ

اسناد بیان کرتے ہیں جس کے موضوع اور مجروح ہونے میں

www.besturdubooks.wordpress.com

الْقَدَحِ، وَيَذْكُرُوْنَ فِيْ إِسْنَادِهِ مَالَا شُبْهَةَ فِيْهِ مِنَ

ذرا بھی شبہ نہیں ہے تو میرے دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ جو

الْوَضْعِ وَ الْقَدْحِ، فَخَطَرَ بِبَالِي أَنْ أَجْمَعَ الدَّعَوَاتِ

دعائیں حدیث کی مشہور اور معتبر کتابوں میں مذکور ہیں وہ میں

الْمَأْثُوْرَةَ فِي الْأَحَادِيْثِ الْمَنْثُوْرَةِ مِنَ الْكُتُبِ الْمُعْتَبَرَةِ

ایک جگہ جمع کردوں جیسے امام نوویؒ کی کتاب ''الاذکار'' اور

الْمَشْهُوْرَةِ، كَـ «الْأَذْكَارِ» لِلنَّوَوِي وَ «الْحِصْنِ»

امام جزریؒ کی ''حصن حصین'' اور ''الکلم الطیب'' اور

لِلْجَزَرِيِّ وَ«الْكَلِمِ الطَّيِّبِ وَالْجَامِعَيْنِ وَالدُّرِّ»

''الجامعین'' اور ''الدر'' مؤلفہ امام سیوطیؒ اور ''القول

لِلسُّيُوطِيِّ وَ«الْقَوْلِ الْبَدِيْعِ» لِلسَّخَاوِيِّ — رَحِمَهُمُ

البدیع'' مؤلفہ سخاویؒ اور ان کی ترتیب یہ رکھوں کہ سب سے

اللّٰهُ تَعَالٰى — مُقَدِّمًا لِلدَّعَوَاتِ الْقُرْآنِيَّةِ وَخَاتِمًا

پہلے قرآن کریم کی دعائیں لکھوں اور سب سے آخر میں

www.besturdubooks.wordpress.com

بِكَيْفِيَّاتِ الصَّلَوَاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ الْمُصْطَفَوِيَّةِ

آں حضرت ﷺ پر درود شریف کے کلمات رکھوں اور اپنے حق

النُّوْرَانِيَّةِ، رَاجِيًا دُعَاءَ مَنْ يَدْعُو الدَّاعِيَ، فَإِنَّ الدَّالَّ

میں بھی دُعاءِ خیر کا امیدوار ہوں کیوں کہ کارِ خیر کا محرک بھی اس

عَلَى الْخَيْرِ كَالسَّاعِيْ؛ وَأَسْأَلُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَ سَعْيِيْ

کے کرنے والے کی طرح ہوتا ہے اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتا ہوں

مَشْكُوْرًا، وَقَصْدِيْ مَبْرُوْرًا، وَهٰذَا الْجَمْعَ الَّذِيْ

کہ وہ میری اِس سعی کو قبول فرمائے اور میرا ارادہ نیک رکھے

هُوَ مَعْدِنُ الدُّعَاءِ، وَمَنْبَعُ الثَّنَاءِ عَلٰى أَلْسِنَةِ الطَّالِبِيْنَ

اور دُعا وثنا کے اِس مجموعہ کو لوگوں کی زبانوں پر ہمیشہ جاری

مَذْكُوْرًا، وَعَنْ تَحْرِيفِ الْمُبْطِلِيْنَ وَتَصْحِيفِ

رکھے اور باطل پرستوں اور بے دینوں کی تحریف سے اس کو

الْمُلْحِدِيْنَ مَهْجُوْرًا.

دور رکھے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

وَسَمَّيْتُهُ «الحزب الأعظم والورد الأفخم»

اور اس کا نام "اَلْحِزْبُ الْأَعْظَمُ وَالْوِرْدُ الْأَفْخَمُ" میں نے اس

لِانْتِسَابِهِ وَاسْتِنَادِهِ إِلَى الرَّسُوْلِ الْأَكْرَمِ صَلَّى اللّٰهُ

لیے تجویز کیا ہے کہ ان دعاؤں کی نسبت آں حضرت ﷺ کی طرف ہے لہٰذا

تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَرَّفَ وَكَرَّمَ، فَعَلَيْكَ بِحِفْظِ

آپ ان کے الفاظ کا خوب خیال رکھیں اِن کے معانی پر پورا غور کریں اور

مَبَانِيهِ، وَالتَّأَمُّلِ فِي مَعَانِيهِ، وَالْعَمَلِ بِمَضْمُوْنِ مَافِيهِ،

ان کے مضامین پر عمل پیرا ہوں کیوں کہ یہ مجموعہ اُن تمام دعاؤں پر مشتمل

فَإِنَّهُ شَامِلٌ لِلْمُنْجِيَاتِ، وَحَافِلٌ لِلْمُهْلِكَاتِ؛ لِأَنَّهُ

ہے جو آپ کو نجات دینے والی ہیں اور مہلکات سے بچانے والی ہیں کیوں

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَتْرُكْ خَصْلَةً حَمِيْدَةً،

کہ آں حضرت ﷺ نے کوئی عمدہ عادت اور نیک خصلت ایسی باقی نہ

وَلَا خَلَّةً سَعِيْدَةً إِلَّا طَلَبَهَا مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى، وَسَأَلَهَا،

چھوڑی جس کی آپ نے دعا نہ مانگی ہو اور کوئی برا کام اور بری خصلت ایسی

www.besturdubooks.wordpress.com

وَلَا فَعْلَةً قَبِيحَةً، وَفِطْرَةً رَدِيَّةً إِلَّا اسْتَعَاذَ بِهِ مِنْهَا

نہ چھوڑی جس سے آپ نے اللہ کی پناہ وحفاظت نہ چاہی ہو، دراں حالیکہ

إِجْمَالًا وَتَفْصِيلًا، وَإِكْمَالًا وَتَكْمِيلًا، وَتَذْيِيلًا

آپ کی یہ دونوں طرح کی دعائیں بغرض تعلیم وتربیت اور بغرض تکمیل

وَتَتْمِيمًا، وَإِعْلَامًا وَتَعْلِيمًا، زَادَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى شَرَفًا

واتمام، مجملاً بھی تھیں اور مفصلاً بھی، اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کے مجد وشرف اور

وَتَعْظِيمًا، وَإِجْلَالًا وَتَكْرِيمًا.

اعزاز واکرام کو اور زیادہ بڑھائے۔

فَهٰذَا كَمَالُ طَرِيقِ الْمُتَابَعَةِ النَّبَوِيَّةِ، وَزُبْدَةُ

پس اِس کو آں حضرت ﷺ کی پیروی کا صحیح طریقہ اور صوفیائے

الْمَقَامَاتِ الْعَلِيَّةِ الْمَنْسُوبَةِ إِلَى السَّادَةِ الصُّوفِيَّةِ

کرام کے مقامات کا خلاصہ سمجھنا چاہیے لہٰذا اگر آپ اِس مجموعہ کو

الصَّفِيَّةِ، فَإِنْ قَدَرْتَ كُلَّ يَوْمٍ عَلٰى قِرَاءَتِهَا فَبِهَا

روزانہ پڑھ لیا کریں جب تو کیا ہی کہنا ورنہ جمعہ جمعہ سہی، نہیں تو

www.besturdubooks.wordpress.com

وَنِعْمَتْ، وَإِلَّا فَفِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ، وَإِلَّا فَفِيْ كُلِّ شَهْرٍ،

مہینے میں ایک بار، اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو پھر سال میں ایک بار تو

وَإِلَّا فَفِيْ كُلِّ سَنَةٍ، وَإِلَّا فَفِي الْعُمْرِ مَرَّةً أَيْضًا غَنِيمَةٌ،

ہو، اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو عمر بھر میں اگر ایک بار میسّر آجائے

وَإِذَا أُرِدْتَ قِرَاءَتَهُ فِيْ عَرَفَاتٍ فَزِدْ فِيهِ: "لَا إِلٰهَ إِلَّا

تو بھی غنیمت ہے اور اگر عرفات کے میدان میں آپ کو اس کے

اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ،

پڑھنے کا موقع مل جائے تو اس میں یہ کلمات اور اضافہ فرمالیں:

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" مِائَةَ مَرَّةٍ، وَ" سُوْرَةَ

"لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى

الْإِخْلَاصِ" مِائَةً، وَ" سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ،

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" (سو بار) سورۂ اخلاص (سو بار) "سُبْحَانَ اللّٰهِ

وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ" مِائَةً، وَ"الْاِسْتِغْفَارَ"

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ" (سو بار) اور استغفار

www.besturdubooks.wordpress.com

مِائَةً، وَ"الصَّلاةَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"

سو بار، اور درود سو بار، اس کے علاوہ دُعاؤں کے کلمات اور اپنی

مِائَةً؛ وَزِدِ "التَّلْبِيَةَ" فِيْ أَثْنَاءِ الدَّعَوَاتِ وَ"الْبُكَاءَ

آہ وزاری کے درمیان تلبیہ کے الفاظ بھی پڑھتے رہیں تاکہ

وَالتَّضَرُّعَ" لِقَبُوْلِ الْحَاجَاتِ.

دُعائیں قبول ہوں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

منزل السبت

پہلی منزل

www.besturdubooks.wordpress.com

www.besturdubooks.wordpress.com

۱ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ○

میں مردود شیطان سے (بچنے کے لیے) اللہ کی حفاظت میں آتا ہوں۔

۲ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۳ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ

سب تعریفیں، سارے جہانوں کے پالنہار، سب پر مہربان، نہایت رحم

الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ

والے، روزِ جزا کے مالک: اللہ کے لائق ہیں، ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں

نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ

اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں، ہم کو سیدھا راستہ دکھا، ان لوگوں کا راستہ جن

الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

پر تو نے فضل فرمایا، جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ (آمین)

(اے اللہ ہماری دعا قبول کر)

www.besturdubooks.wordpress.com

۴ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ أَنْ أَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ○ (البقرة ٦٧)

میں اللہ کی حفاظت میں آتا ہوں اس بات سے کہ میں جاہلوں میں شامل ہو جاؤں۔

۵ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ

ہمارے پالنہار! تو ہماری طاعتوں کو قبول فرما۔ بے شک تو ہی خوب سننے

الْعَلِيْمُ ○ وَتُبْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ

والا ہے سب کچھ جاننے والا ہے، اور ہمیں توبہ کی توفیق دے، بے شک تو

الرَّحِيْمُ ○ (البقرة ١٢٧، ١٢٨)

ہی توبہ کی توفیق دینے والا ہے، نہایت رحم والا ہے۔

۶ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

ہمارے پالنہار! ہمیں دنیا میں بھی خوبی (توفیقِ عبادت) اور آخرت میں

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ (البقرة ٢٠١)

بھی خوبی (اجر وثواب) عطا فرما، اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا۔

۷ رَبَّنَآ أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا

ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو صبر سے بھر دے، اور ہمارے قدم

www.besturdubooks.wordpress.com

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرة ۲۵۰)

جمائے رکھ، اور اِس کافر قوم کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔

۸ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ط غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ

ہم نے (تیرا حکم) سنا اور مانا، اے ہمارے پروردگار! ہم تیری بخشش چاہتے ہیں، اور تیری

الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِنْ نَّسِيْنَآ أَوْ أَخْطَأْنَا ج

ہی طرف ہم کو لوٹ کر جانا ہے، ہمارے پروردگار! اگر ہم سے بھول چوک ہو جائے تو

رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى

ہماری گرفت نہ فرمانا۔ ہمارے پروردگار! اور ہم پر سخت احکام کا بوجھ مت لادنا جیسا کہ

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا

ہم سے پہلے والوں پر تو نے لادا تھا۔ ہمارے رب! اور ہم سے وہ بوجھ مت اٹھوانا جس

بِهٖ ط وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ج أَنْتَ مَوْلٰنَا

کے اٹھانے کی ہم میں سکت نہ ہو، اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر

فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرة ۲۸۵، ۲۸۶)

مہربانی فرما، تو ہمارا آقا ہے، سو کافر قوم کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۹ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ

ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو ہدایت سے مت پھیر نا جب کہ تو ہم کو ہدایت

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ○

دے چکا، اور ہمیں اپنے پاس سے خاص رحمت عطا فرما، بلاشبہ تو ہی سب کچھ

رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۚ إِنَّ

دینے والا ہے۔ ہمارے پروردگار! تو لوگوں کو ایک ایسے دن اکٹھا کرنے والا ہے

اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ (ال عمران ۸،۹)

جس میں کچھ شبہ نہیں، بلاشبہ اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔

۱۰ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

ہمارے پروردگار! ہم ایمان لا چکے سو ہمارے گناہ بخش دے، اور ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ○ (ال عمران ۱۶)

عذاب دوزخ سے بچانا۔

۱۱ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ

(اے مخاطب!) تو یوں دعا مانگ کر اے اللہ! اے مالکِ سلطنت تو جسے

www.besturdubooks.wordpress.com

تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۖ وَتُعِزُّ مَنْ

چاہے سلطنت دیوے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لیوے، اور جس کو

تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ

چاہے عزت دیوے اور جس کو چاہے ذلیل کردے، تیرے ہی قبضہ میں ساری

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

خوبیاں ہیں، بلاشبہ ہر شے تیری زیر قدرت ہے، تو رات (کے کچھ حصے) کو

وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ

(بموسم گرما) دن میں داخل کرتا ہے اور دن (کے کچھ حصہ) کو (بموسم سرما)

الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ

رات میں داخل کرتا ہے، اور تو جاندار کو بے جان سے نکالتا ہے، اور مردہ کو زندہ

مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (آل عمران ۲۶، ۲۷)

سے نکالتا ہے، اور جسے چاہے بے حساب روزی دیتا ہے۔

۱۲ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ

میرے رب! تو اپنی بارگاہ سے مجھے پاکیزہ اولاد عطا فرما، بلاشبہ تو سب

www.besturdubooks.wordpress.com

إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ○ (آل عمران ۳۸)

دعاؤں کو خوب سننے والا ہے۔

۱۳ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ

ہمارے پروردگار! تیری اتاری ہوئی چیزوں کو ہم نے مان لیا، اور پیغمبر کی

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ (آل عمران ۵۳)

پیروی کی، سو تو ماننے والوں میں ہمارا اندراج فرما لے۔

۱۴ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ

ہمارے پروردگار! ہمارے گناہوں کو اور ہمارے کاموں میں واقع ہونے والی ہماری زیادتیوں

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ (آل عمران ۱۴۷)

کو معاف فرما، اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور کافر قوم کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔

۱۵ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا

ہمارے رب! (ہمیں نظر آنے والی) یہ (کائنات) تو نے بے فائدہ نہیں بنائی ہے، تو (اس طرح

عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

کا بے فائدہ کام کرنے سے) پاک اور منزہ ہے، سو ہمیں عذاب دوزخ سے بچانا۔ ہمارے رب!

www.besturdubooks.wordpress.com

فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ ۖ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ أَنْصَارٍ ○

تو نے جس کسی کو داخلِ دوزخ کیا تو تو نے اسے رسوا کر دیا، اور مشرکوں کا کوئی بھی مددگار نہ ہوگا۔

رَبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْإِيْمٰنِ أَنْ اٰمِنُوْا

ہمارے رب! ہم نے سنا کہ ایک پکارنے والا (پیغمبر محمد ﷺ) ایمان کی جانب بآواز بلند یہ دعوت

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا

دے رہا ہے کہ (اے انس و جن) تم اپنے رب پر ایمان لے آؤ تو ہم بھی ایمان لے آئے ہیں، سو

سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا

ہمارے پروردگار تو ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے ہماری برائیوں کو دور فرما دے، اور ہمیں

عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۖ إِنَّكَ

نیکوکاروں کے ساتھ موت دینا۔ ہمارے رب! اور ہم کو وہ تمام نعمتیں دے جن کا ہم سے تو نے اپنے

لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ (اٰل عمران ۱۹۱-۱۹۴)

پیغمبروں کی زبانی وعدہ کیا ہے، اور ہمیں روزِ قیامت میں رسوا نہ کرنا، بلاشبہ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۱۶ رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ

ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال لے جہاں کے رہنے والے ظالم

www.besturdubooks.wordpress.com

أَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا

ہیں، اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی حمایتی بنادے اور ہمارے لیے

مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ○ (النساء ۷۵)

اپنے پاس سے کوئی مددگار بنادے۔

۱۷ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ

ہمارے رب! تو ہم پر آسمان سے کوئی بھرا ہوا خوان اتار جس کے نزول کا دن ہمارے لیے یعنی

لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا

ہمارے موجودہ اور بعد میں آنے والے نصاریٰ کے لیے جشن اور (تیری قدرت اور میری نبوت

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○ (المائدة ۱۱۴)

کی) نشانی ہو جائے، اور تو ہمیں روزی دے، اور تو ہی سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

۱۸ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ وَنَطْمَعُ

ہمارے رب! ہم ایمان لائے سو ماننے والوں میں ہمارا بھی اندراج فرما،

اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ○ (المائدة ۸۳، ۸۴)

اور ہمیں یہ توقع ہے کہ ہمارا رب ہمیں نیک بختوں میں شامل فرمائے گا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

⑲ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ (الأعراف ٤٧)

ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کرنا۔

⑳ أَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۖ وَأَنْتَ خَيْرُ

(اے ہمارے رب) تو ہی ہمارا کارساز ہے، سو ہمیں معاف فرما، اور ہم پر مہربانی

الْغٰفِرِيْنَ ○ وَاكْتُبْ لَنَا فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً

فرما، اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے، اور تو ہمارے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی کا

وَّفِي الْاٰخِرَةِ إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ ○ (الأعراف ١٥٥، ١٥٦)

اور آخرت میں بھی بھلائی کا فیصلہ لکھ دے، ہم تیری طرف رجوع کرتے ہیں۔

㉑ رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا نُعْلِنُ ۗ وَمَا

ہمارے رب! تو ان تمام باتوں کو جانتا ہے جنھیں ہم چھپائیں اور ظاہر

يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا

کریں، اور اللہ کے لیے تو کوئی بھی شے خواہ وہ زمین کی ہو یا آسمان کی

فِي السَّمَآءِ ○ (إبراهيم ٣٨)

مخفی نہیں ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۲۲ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا

ہمارے پروردگار! ہم نے ہمارا ہی برا کیا ہے، اور اگر تو ہمیں معاف نہیں

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ (الأعراف ۲۳)

کرے گا اور ہم پر مہربانی نہیں کرے گا تو ہم ضرور تباہ ہو جائیں گے۔

۲۳ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ

ہمارے رب! تو ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان سچا فیصلہ کر دے، اور تو

خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○ (الأعراف ۸۹)

سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

۲۴ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○

ہمارے رب! ہمارے دلوں کو صبر سے بھر دے، اور ہمیں بحالت مسلمانی

(الأعراف ۱۲۶)

موت دینا۔

۲۵ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ صلے

میرے رب! مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں

www.besturdubooks.wordpress.com

وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ (الأعراف ۱۵۱)

شامل فرما اور تو سب مہربانوں میں زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

۴۶ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا، اے ہمارے پروردگار! ہم پر اس

الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ

ظالم قوم کی زور آزمائی نہ فرما، اور ہمیں براہِ کرم اس کافر قوم

الْكٰفِرِيْنَ ○ (یونس ۸۵، ۸۶)

سے بچالے۔

۴۷ رَبِّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَسْئَلَكَ مَا لَيْسَ

میرے رب! میں تیری حفاظت میں آتا ہوں اس بات سے کہ تجھ سے ایسی

لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۖ وَإِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْ أَكُنْ

بات پوچھوں جس کی مجھے کچھ بھی خبر نہ ہو، اور اگر تو نے مجھے نہ بخشا اور مجھ پر

مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ (ھود ۴۷)

مہربانی نہ فرمائی تو میں تباہ ہو جاؤں گا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۲۸ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيّٖ فِي

آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا و آخرت میں

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ أَلْحِقْنِيْ

میرا کارساز ہے، تو مجھے بحالت مسلمانی موت دینا، اور مجھ کو نیک بختوں

بِالصّٰلِحِيْنَ ○ (یوسف ۱۰۱)

میں شامل کرنا۔

۲۹ إِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ○ رَبِّ اجْعَلْنِيْ

بلاشبہ میرا رب دعاؤں کو خوب سننے والا ہے، میرے رب! مجھے اور میری

مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○

اولاد کو نماز کا قائم رکھنے والا بنا، اے ہمارے رب! اور میری دعا قبول کر،

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

ہمارے رب! مجھے اور میرے والدین اور تمام مومنوں کو حساب کے قائم

الْحِسَابُ ○ (ابراھیم ۳۹ ـ ۴۱)

ہونے کے روز بخش دینا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۳۰ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي

میرے رب! تو ان دونوں (والدین) پر اس طرح مہربانی فرما جس طرح

صَغِيرًا ○ (بني إسرائيل ٢٤)

انھوں نے مجھے بچپن میں پالا۔

۳۱ رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّأَخْرِجْنِي

میرے رب! تو مجھے بحسن وخوبی داخل کرنا اور بحسن وخوبی نکالنا، اور

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّي مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا

ہمیں اپنے پاس سے ایسا غلبہ عطا فرما جس کی وجہ سے ہم اسلام کی

نَّصِيرًا ○ (بني إسرائيل ٨٠)

نصرت کر سکیں۔

۳۲ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ

ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے لیے ہمارے

أَمْرِنَا رَشَدًا ○ (الكهف ١٠)

کاموں کو درست فرما۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۳۳ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ ○ (طٰهٰ ۲۵، ۲۶)

میرے رب! مجھے وسیع الصدر اور حوصلہ مند بنا اور میرے لیے میرا کام آسان کر۔

۳۴ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○ (طٰهٰ ۱۱۴)

میرے رب! میری سمجھ بڑھا۔

۳۵ (رَبِّ) أَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ (الأنبیاء ۸۳)

(اے میرے رب) مجھ پر بڑی تکلیف آپڑی ہے، اور تو تمام مہربانوں سے بڑا مہربان ہے۔

۳۶ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ (الأنبیاء ۸۷)

تیرے سوا کوئی حاکم نہیں ہے، تو بے عیب ہے، بلاشبہ میں ہی قصوروار ہوں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۳۷ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ

میرے رب! تو مجھے اکیلا (لاوارث) نہ چھوڑ، اور تو سب سے بہتر وارث

الْوٰرِثِيْنَ ○ (الأنبياء ۸۹)

(سب کے پیچھے رہنے والا) ہے۔

۳۸ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

میرے رب! تو حق کے موافق فیصلہ فرما، اور ہمارا پروردگار تو بڑا مہربان ہے،

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ○ (الأنبياء ۱۱۲)

اسی سے مدد مانگی جاتی ہے ان تمام خرافات کے مقابلہ میں جو تم بتا رہے ہو۔

۳۹ رَبِّ أَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّأَنْتَ خَيْرُ

میرے رب! تو میرے نزول وقیام کو بڑی بھلائیوں والا بنا، اور تو سب

الْمُنْزِلِيْنَ ○ (المؤمنون ۲۹)

سے بہتر اتارنے والا ہے۔

۴۰ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ (المؤمنون ۹۴)

تو میرے رب! مجھے ان ظالموں میں شامل نہ کرنا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۴۱ رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○

میرے رب! میں شیطانی وساوس سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے میرے

وَأَعُوْذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○ (المومنون ۹۷، ۹۸)

رب میں اس بات سے بھی تیری پناہ میں آتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

۴۲ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ

ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے، سو ہمیں بخش دے اور ہم پر مہربانی فرما،

الرّٰحِمِيْنَ ○ (المومنون ۱۰۹)

اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔

۴۳ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ

میرے رب! مجھے بخش دے اور مہربانی فرما، اور تو سب سے بہتر رحم

الرّٰحِمِيْنَ ○ (المؤمنون ۱۱۸)

کرنے والا ہے۔

۴۴ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ

ہمارے رب! ہم سے عذابِ دوزخ کو ہٹا لے، اس کا عذاب لازمی

www.besturdubooks.wordpress.com

عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ إِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا

وَّمُقَامًا ۝ (الفرقان ٦٥، ٦٦)

وہ کیسی بری جگہ ہے تھوڑی دیر ٹھہرنے اور ہمیشہ رہنے کے اعتبار سے۔

۷۵ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّتِنَا قُرَّةَ

أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ۝ (الفرقان ٧٤)

ہمارے رب! ہمیں اپنی بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیزگاروں کا مقتدا بنا۔

۷۶ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

میرے رب! مجھے حکمت عطا فرما اور نیکوکاروں میں شامل کر، اور میرے

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْآخِرِيْنَ ۝

پیچھے آنے والی نسلوں میں میرا ذکرِ خیر باقی رکھ، اور مجھے باغِ نعمت کے

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝ وَاغْفِرْ

وارثوں میں شامل فرما، اور میرے باپ کی بخشش فرما، (کیوں کہ) وہ

www.besturdubooks.wordpress.com

لِأَبِيْ ۖ إِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ۝ وَلَا تُخْزِنِيْ

گمراہوں میں ہے، اور مجھے اس روز رسوا نہ کرنا جب لوگوں کو زندہ

يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝

کیا جائے گا، جس روز نہ مال کام آئے گا اور نہ بیٹے، مگر جو اللہ کے پاس

إِلَّا مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝ (الشعراء ۸۳ - ۸۹)

بے روگ دل لے کر آئے گا۔

۴۷ رَبِّ نَجِّنِيْ وَأَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

میرے رب! مجھے اور میرے گھر والوں کو ان معاصی (کے وبال ونحوست)

(الشعراء ۱۶۹)

سے محفوظ رکھ جنھیں وہ کرتے ہیں۔

۴۸ رَبِّ إِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ

میرے رب! میری قوم نے مجھے جھٹلایا، سو میرے اور ان کے مابین کوئی

فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (الشعراء ۱۱۷، ۱۱۸)

(عملی) فیصلہ فرمادے، اور مجھے اور میرے مومن ساتھیوں کو بچالینا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۴۹ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ

میرے رب! مجھے اس بات کی توفیق دے کہ میں تیرے ان احسانوں کا

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ

شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیے، اور اس بات کی بھی

صَالِحًا تَرْضٰهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي

توفیق دے کہ میں ایسے نیک کام کروں جو تجھے پسند آئیں اور از راہِ کرم

عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○ (النمل ۱۹)

مجھے اپنے نیکوکار بندوں میں شامل فرمالے۔

۵۰ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي ○ (القصص ۱۶)

میرے رب! میں نے اپنا برا کیا، سو مجھے بخش دے۔

۵۱ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ (القصص ۲۱)

میرے رب! مجھے ظالم لوگوں سے بچالے۔

۵۲ رَبِّ إِنِّي لِمَآ أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ○ (القصص ۲۴)

میرے رب! میں ہر اس خیر کا محتاج ہوں جو تو میری طرف نازل فرمائے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۵۳ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○

میرے رب! فساد پھیلانے والے لوگوں کے مقابلے میں تو میری

(العنکبوت ۳۰)

نصرت فرما۔

۵۴ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○

سو جب تم شام کرو اور جب صبح کرو تو اللہ کی پاکی و تسبیح بیان کرو اور

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا

وہی مستحق تعریف ہے آسمانوں اور زمینوں میں اور بوقت شب بھی

وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

اور بوقت دوپہر بھی، وہ زندہ کو مردہ سے اور بے جان کو جاندار سے

وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ

نکالتا ہے اور زمین کے مرجانے کے بعد اس کو زندہ کرتا ہے اور اسی

بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○ (الروم ۱۷-۱۹)

طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۵۵ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ (الصافات ۱۰۰)

میرے رب! مجھے نیک بیٹا عطا فرما۔

۵۶ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عٰلِمَ

(اے مخاطب) تو یہ کہہ کہ اے اللہ اے زمین و آسمان کے پیدا کرنے

الْغَيْبِ وَالشَّهٰدَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ

والے، مخفی اور کھلی باتوں کے جاننے والے! تو ہی لوگوں کے ان نزاعات کو

فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ (الزمر ٤٦)

فیصل کرے گا جن میں ان کا جھگڑا ہے۔

۵۷ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا

ہمارے پروردگار! تیری رحمت عامہ اور تیرا علم ہر چیز کو محیط ہے، سو جو توبہ کریں اور

فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ

تیری راہ پر چلیں ان کو بخش دے اور ان کو عذاب نار سے بچا۔ اے ہمارے

الْجَحِيْمِ ○ رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ نِ الَّتِيْ

پروردگار! اور تو انھیں ہمیشہ رہنے کے ان باغات میں داخل فرما جن کا تو نے ان

www.besturdubooks.wordpress.com

وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَ

سے وعدہ فرمایا ہے، اور (ان کے ساتھ) دخول جنت کی صلاحیت رکھنے والے ان

ذُرِّيّٰتِهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ

کے باپ ماں اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد کو بھی (داخل فرما)، بلاشبہ تو ہی

السَّيِّئَاتِ ۚ وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ

زبردست ہے بڑی حکمت والا ہے، اور انھیں برائیوں سے بچا، اور اس دن جن کو تو

رَحِمْتَهٗ ۚ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ (الغافر ۷-۹)

نے برائیوں سے بچایا تو اس پر تو نے رحم فرمایا، اور یہی تو ہے بڑی کامیابی۔

۹۸ رَبِّ أَوْزِعْنِيْ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْ

میرے پروردگار! مجھے اس بات کی توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا

ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو دیں، اور اس بات کی بھی (توفیق

تَرْضٰهُ وَأَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ إِنِّيْ تُبْتُ إِلَيْكَ

دے) کہ میں تیری پسند کے نیک اعمال کروں، اور میری اولاد میں درستگی

www.besturdubooks.wordpress.com

وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ ○ (الأحقاف ۱۵)

وینکی پیدا فرما، میں تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں، اور میں حکم بردار ہوں۔

۵۹ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا

ہمارے پروردگار! تو ہمیں معاف فرما اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم

بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ

سے پہلے مومن ہوئے، اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں سے متعلق بیر

آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ○ (الحشر ۱۰)

نہ رکھ، اے ہمارے رب بلاشبہ تو بڑی شفقتوں والا ہے رحم والا ہے۔

۶۰ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○

ہمارے رب! ہم نے تجھ پر ہی بھروسہ کیا اور ہم تیری ہی جانب متوجہ ہوئے اور تیری

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا صلے

جانب ہی (سب کو) لوٹ کر آنا ہے، ہمارے رب! ہم پر کافروں کی زور آزمائی نہ فرما، اور

إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ (الممتحنة ۴، ۵)

اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، بلاشبہ تو ہی زبردست ہے، بڑی حکمتوں والا ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۶۱ رَبَّنَآ أَتۡمِمۡ لَنَا نُورَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ

ہمارے رب! ہمارے لیے ہماری روشنی کو پوری کر دے، اور ہمیں معاف

كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيرٌ ۝ (التحریم ۸)

فرما، بے شک تو ہر کام کر سکتا ہے۔

۶۲ رَبِّ اغۡفِرۡ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنۡ دَخَلَ بَيۡتِيَ

میرے رب! تو مجھے اور میرے والدین اور میرے گھر میں مؤمن بن کر

مُؤۡمِنٗا وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ ۝ (النوح ۲۸)

رہنے والوں اور تمام ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بخش دے۔

بِسۡمِ اللَّهِ الرَّحۡمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۶۳ قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۝ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

تو کہہ کہ میں صبح کے رب کی پناہ میں آتا ہوں، اس کی پیدا کردہ اشیا کے شر سے

وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِن شَرِّ النَّفَّٰثَٰتِ

اور رات کے شر سے جبکہ وہ پھیل جائے، اور گرہوں پر پھونکنے والیوں کے شر

www.besturdubooks.wordpress.com

فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝

سے اور برا چاہنے والے کے شر سے جب کہ وہ اپنے حسد کا اظہار کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

۶۴ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝

تو کہہ کہ میں لوگوں کے رب کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی

إِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ

پناہ میں آتا ہوں بہلانے پھسلانے والے، پیچھے ہٹ جانے والے جن و

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

انس شیاطین کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں برے خیالات ڈالے۔

۶۵ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ

اے اللہ ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور جنت میں ان کی ملاقات کے وقت سلام کہا جائے

دَعْوٰهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (یونس ۱۰)

گا، اور ان کی آخری پکار یہ ہوگی کہ تمام تعریفوں کا مستحق سارے جہانوں کا پالنے والا اللہ ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۶۶ [قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَلِلّٰهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْهُ بِهَا ○

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور سب اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں، سو ان کے ذریعہ اس کو پکارو۔

وَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰی تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا، مَنْ

حضرت نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جو شخص ان کو یاد کرے گا وہ

أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ. وَفِيْ رِوَايَةٍ "مَنْ حَفِظَهَا"]

داخل جنت ہوگا، اور دوسری روایت میں بجائے "أحصاها" کے "حفظها" کا کلمہ وارد ہوا ہے۔

هُوَاللّٰهُ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ	الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ
وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں	وہ بڑا مہربان	نہایت رحم والا

الْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ	السَّلَامُ	الْمُؤْمِنُ
بادشاہ	پاک	سلامتی والا	امان دینے والا

الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ
پناہ میں لینے والا	زبردست	دباؤ والا	عظمت والا

الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	الْغَفَّارُ
پیدا کرنے والا	جسم میں جان ڈالنے والا	صورت بنانے والا	بہت بخشنے والا

www.besturdubooks.wordpress.com

الْقَهَّارُ	الْوَهَّابُ	الرَّزَّاقُ	الْفَتَّاحُ
تسلط والا	بڑا داتا	بہت روزی دینے والا	فیصلہ کرنے والا
الْعَلِيْمُ	الْقَابِضُ	الْبَاسِطُ	الْخَافِضُ
سب کچھ جاننے والا	تنگ کرنے والا	کشادگی بخشنے والا	پست کرنے والا
الرَّافِعُ	الْمُعِزُّ	الْمُذِلُّ	السَّمِيْعُ
بلند کرنے والا	عزت دینے والا	ذلیل کرنے والا	سب کچھ سننے والا
الْبَصِيْرُ	الْحَكَمُ	الْعَدْلُ	اللَّطِيْفُ
سب کچھ دیکھنے والا	اٹل فیصلے والا	برابری قائم کرنے والا	بڑا باریک بیں
الْخَبِيْرُ	الْحَلِيْمُ	الْعَظِيْمُ	الْغَفُوْرُ
بڑا باخبر	بڑا بردبار	بڑائی والا	گناہ بخشنے والا
الشَّكُوْرُ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيْرُ	الْحَفِيْظُ
قدرداں	برتر	بڑا	حفاظت کرنے والا
الْمُقِيْتُ	الْحَسِيْبُ	الْجَلِيْلُ	الْكَرِيْمُ
غذا بخش	حساب کرنے والا	بڑی شان والا	بے مانگے بخشنے والا

www.besturdubooks.wordpress.com

اَلرَّقِيْبُ	اَلْمُجِيْبُ	اَلْوَاسِعُ	اَلْحَكِيْمُ
نگران	قبول کرنے والا	گنجائش والا	حکمت والا
اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِيْدُ	اَلْبَاعِثُ	اَلشَّهِيْدُ
بڑی محبت والا	بزرگی والا	دوبارہ زندہ کرنے والا	موجود
اَلْحَقُّ	اَلْوَكِيْلُ	اَلْقَوِيُّ	اَلْمَتِيْنُ
ثابت الوجود	کارساز	زور والا	مضبوط
اَلْوَلِيُّ	اَلْحَمِيْدُ	اَلْمُحْصِيْ	اَلْمُبْدِئُ
حمایتی	مستحق تعریف	مقدار جاننے والا	پہلی بار پیدا کرنے والا
اَلْمُعِيْدُ	اَلْمُحْيِيْ	اَلْمُمِيْتُ	اَلْحَيُّ
دوسری مرتبہ پیدا کرنے والا	زندہ کرنے والا	مارنے والا	سدا زندہ
اَلْقَيُّوْمُ	اَلْوَاجِدُ	اَلْمَاجِدُ	اَلْوَاحِدُ
سب کو تھامنے والا	ہمیشہ مالدار رہنے والا	شرف والا	اکیلا
اَلْأَحَدُ	اَلصَّمَدُ	اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ
یکتا	بے نیاز	قدرت والا	بڑی قدرت والا

www.besturdubooks.wordpress.com

الْمُقَدِّمُ	الْمُؤَخِّرُ	الْأَوَّلُ	الْآخِرُ
آگے بڑھانے والا	پیچھے ہٹانے والا	سب سے پہلا	سب کے بعد
الظَّاهِرُ	الْبَاطِنُ	الْوَالِيْ	الْمُتَعَالِيْ
نمایاں	مخفی	ذمہ دار	بلند و برتر
الْبَرُّ	التَّوَّابُ	الْمُنْتَقِمُ	الْعَفُوُّ
نیک سلوک کرنے والا	متوجہ ہونے والا	بدلہ لینے والا	معاف کرنے والا
الرَّءُوْفُ	مَالِكُ الْمُلْكِ	ذُوالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ	
بڑا شفقت کرنے والا	ساری سلطنت کا مالک	بزرگی و انعام والا	
الْمُقْسِطُ	الْجَامِعُ	الْغَنِيُّ	الْمُغْنِيْ
انصاف کرنے والا	اکٹھا کرنے والا	بے پروا	بے نیاز کرنے والا
الْمَانِعُ	الضَّارُّ	النَّافِعُ	النُّوْرُ
باز رکھنے والا	ضرر پہنچانے والا	نفع بخش	روشن
الْهَادِيْ	الْبَدِيْعُ	الْبَاقِيْ	الْوَارِثُ
ہدایت دینے والا	بے نمونہ بنانے والا	ہمیشہ رہنے والا	سب کے پیچھے رہنے والا

www.besturdubooks.wordpress.com

الرَّشِيْدُ	الصَّبُوْرُ	(مشكوة ۱:۱۹۹، الترمذي ۲:۱۸۸)

نیک راہ بتانے والا تحمل وضبط والا ہے

۶۷ [وَ اسْمُ اللّٰهِ الْأَعْظَمُ الَّذِيْ إِذَا دُعِيَ بِهٖ أَجَابَ،

اللہ کا وہ اسم اعظم جس کے ذریعہ سے جب دعا کی جائے تو وہ قبول ہی فرماتا ہے، اور

وَإِذَا سُئِلَ بِهٖ أَعْطٰى] لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ

جب اس کے ذریعہ مانگا جائے تو عطا فرمائے، وہ یہ ہے: تیرے سوا کوئی معبود نہیں،

إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ (المستدرك ۱:۶۸۵)

ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں، بلاشبہ میں ہی قصوروار ہوں۔

۶۸ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنِّيْ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ

یا اللہ! میں تجھ سے اس بنا پر مانگتا ہوں کہ گواہی دیتا ہوں کہ بے شک تو ہی

اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ

اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، جس نے نہ

وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ. (الترمذي ۲:۱۸۵)

کسی کو جنا اور نہ وہ کسی سے جنا اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۶۹ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ، لَا إِلٰهَ

یا اللہ! میں تجھ سے اس لیے مانگتا ہوں کہ ساری تعریفوں کا مستحق تو ہی ہے،

إِلَّا أَنْتَ (وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ) الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، دراں حالیکہ تو یکتا ہے، تیرا کوئی ساجھی نہیں، تو ہی

بَدِيْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، يَاذَا الْجَلَالِ

بڑا مشفق ہے، منعم ہے، آسمانوں اور زمینوں کو بے نمونہ بنانے والا ہے،

وَالْإِكْرَامِ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ. (ابن حبان ۲:۱۲۶)

اے بزرگی اور بخشش والے، اے سدا زندہ رہنے والے سب کو تھامنے والے۔

۷۰ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. (المستدرك ۱:۷۲۸)

اے سب رحم والوں سے زیادہ رحم کرنے والے! (مجھ پر رحم فرما)۔

۷۱ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْأَعْلَى الْوَهَّابِ.

میں اپنے بلند و برتر اور بے مانگے دینے والے پروردگار کی پاکی بیان

(المستدرك ۱:۶۷۶)

کرتا ہوں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۴۲ أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ

میں مخلوق کے شر سے اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ میں

مَا خَلَقَ. (الترمذي ۲: ۱۸۲)

آتا ہوں۔

۴۳ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ

اس اللہ کے نام سے مدد چاہتا ہوں جس کے نام کے ہوتے ہوئے آسمان

فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ، وَهُوَ السَّمِيْعُ

وزمین کی کوئی شے نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہی سب کچھ سننے والا ہے

الْعَلِيْمُ. (الترمذي ۲: ۱۷۶)

سب کچھ جاننے والا ہے۔

۴۴ أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ،

ہم نے اور تمام بادشاہتوں نے اللہ کے زیر اقتدار و زیر ملکیت صبح کی، اور ساری

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ

تعریفیں اللہ کے لائق ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جس کا حال یہ ہے کہ وہ یکتا

www.besturdubooks.wordpress.com

وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ؛ رَبِّ

ہے جس کا کوئی حصہ دار نہیں، ساری بادشاہت کا وہ مالک ہے، اور ساری تعریفیں

أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ،

اس کے لیے مخصوص ہیں، اور وہ ہر کام کر سکتا ہے، میرے رب! میں آج کے دن کی

وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ

اور اس کے بعد کی خیر و بھلائی چاہتا ہوں، اور آج کے دن کی اور آج کے بعد کی شرور

مَا بَعْدَهٗ. رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ

سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں، میرے رب! میں کاہلی سے اور بڑھاپے

الْكِبَرِ؛ رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ

کی مکروہات سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں، میرے رب! میں دوزخ میں

وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ. (مسلم ۲: ۳۵۰)

موجود عذاب اور قبر میں ہونے والے عذاب سے تیری پناہ و حفاظت میں آتا ہوں۔

۴۵ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ

اے اللہ، اے آسمانوں اور زمینوں کے موجد، اے مخفی اور ظاہری باتوں کے

www.besturdubooks.wordpress.com

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ؛

جاننے والے، اے ہر شے کے پروردگار اور بادشاہ! میں گواہی دیتا ہوں کہ

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ (وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، دراں حالیکہ تو یکتا ہے، تیرا کوئی ساجھی نہیں،

لَكَ). أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَمِنْ شَرِّ

میں تیری حفاظت و پناہ میں آتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے

الشَّيْطَانِ وَشَرَكِهٖ، وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ

شر اور اس کے پھندوں سے اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس کے لیے

سُوْءًا أَوْ أَجُرَّهٗ إِلٰى مُسْلِمٍ. (أبوداود ۲:۶۹۱، أحمد ۱:۲۵)

کسی گناہ کو کماؤں یا کسی مسلمان کی جانب گناہ کا انتساب کروں۔

۷۶ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَصْبَحْتُ، أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ

اے اللہ! میں نے اس حال میں صبح کی کہ میں تجھے اور تیرے حاملین عرش

حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ

فرشتوں کو اور دیگر تمام فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو اس بات کا گواہ بنا

www.besturdubooks.wordpress.com

أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّداً

رہا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور اس بات کا بھی کہ محمد

عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ. (أبوداود۲: ۶۹۱)

تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

۴۷ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت کی عافیت و خیریت مانگتا ہوں۔ اے اللہ!

وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

میں تجھ سے اپنے دین و دنیا اور اپنے اہل و مال میں زیادتی اور خیریت

فِي دِيْنِي وَدُنْيَايَ وَأَهْلِي وَمَالِي، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ

وسلامتی چاہتا ہوں۔ اے اللہ! میرے عیوب پر پردہ ڈال دے اور میری

عَوْرَاتِي وَآمِنْ رَوْعَاتِي، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ

گھبراہٹوں کو امن و سکون سے بدل دے۔ اے اللہ! میرے آگے سے اور

بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَمِيْنِي وَعَنْ

میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے

www.besturdubooks.wordpress.com

شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي، وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ

اوپر سے میری حفاظت فرما، اور میرے نیچے سے آنے والے ناگہانی عذاب

أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي. (أبوداود ۲: ۶۹۲)

سے تیری عظمت کی پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔

۴۸ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ

ہم نے اللہ کو بطور معبود کے اور اسلام کو بطور مذہب کے اور محمد ﷺ کو بطور

(ﷺ) رَسُوْلًا وَّنَبِيًّا. (أبوداود ۲: ۶۹۲، مسلم ۱: ۳۶۷)

پیغمبر اور نبی کے پسند کرلیا۔

۴۹ اَللّٰهُمَّ مَا أَصْبَحَ بِي مِنْ نِعْمَةٍ أَوْ بِأَحَدٍ

یا اللہ! جو کچھ نعمت مجھے یا تیری کسی بھی مخلوق کو پہنچی اس کا پہنچانے والا صرف

مِنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ،

تو ہے، دراں حالیکہ تو یکتا ہے اور تیرا کوئی ساجھی نہیں، سو ساری تعریفوں کا

فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ. (ابن حبان ۲: ۱۱۱)

مستحق تو ہی ہے اور سارے شکریوں کا بھی مستحق تو ہی ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۸۰ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ

یا اللہ! میرے جسم کو صحت دے۔ یا اللہ! میرے کانوں کو صحت دے۔ یا اللہ!

فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ؛ لَا إِلٰهَ

میری آنکھوں کو صحت دے۔ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں (یہ دعا تین مرتبہ پڑھیے)

إِلَّا أَنْتَ. (ثلاث مرات) اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ

یا اللہ! میں ناشکری اور ناداری سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں۔ یا اللہ!

الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ

میں عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

الْقَبْرِ؛ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. (ثلاث مرات). (أبوداود ۲: ۶۹۴)

(یہ دعا تین مرتبہ پڑھیے)۔

۸۱ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، (لَا حَوْلَ وَ) لَا قُوَّةَ

میں اللہ کی پاکیاں اور خوبیاں بیان کرتا ہوں، اللہ کے علاوہ کوئی گناہوں

إِلَّا بِاللّٰهِ، مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ،

سے بچانے والا اور نیکیوں کی طاقت دینے والا نہیں۔ جو اللہ نے چاہا وہ ہوا،

www.besturdubooks.wordpress.com

أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَ أَنَّ اللّٰهَ

اور جو نہ چاہا نہ ہوا، مجھے یقین ہے کہ اللہ ہر کام کر سکتا ہے، اور اللہ کا علم ہر

قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْماً. (أبوداود ۲: ۶۹۲)

شے کو محیط ہے۔

۸۲ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ،

اے سدا رہنے والے، اے سب کو تھامنے والے، میں صرف تیری رحمت کا

أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ، وَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ

طلبگار ہوں، میرے سارے احوال درست فرما، اور مجھے ایک لمحے کے لیے

طَرْفَةَ عَيْنٍ. (المستدرك ۱: ۷۳۰)

بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کر۔

۸۳ [سیّد الاستغفار] اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

یا اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں

خَلَقْتَنِيْ، وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ

تیرا بندہ ہوں اور حتی الامکان تجھ سے کیے گئے قول و قرار پر قائم ہوں، میں

www.besturdubooks.wordpress.com

مَا اسْتَطَعْتُ. أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ؛

اپنے اعمال کے شر سے تیری پناہ وحفاظت میں آتا ہوں، مجھ پر اترنے والی

أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ،

تیری نعمتوں کا معترف ہوں، اور اپنے گناہوں کا بھی اقرار کرتا ہوں، سو مجھے

فَاغْفِرْلِيْ فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ. (البخاري ۲:۹۳۲)

معاف کردے، کیوں کہ تیرے سوا دوسرا کوئی معاف کرنہیں سکتا۔

۸۴ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ أَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ، وَأَحَقُّ مَنْ

یا اللہ! یاد کیے جانے والوں میں سب سے زیادہ مستحق یاد تو ہی ہے اور جن کی پرستش کی جاتی

عُبِدَ، وَأَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِيَ، وَأَرْءَفُ مَنْ مَّلَكَ،

ہے تو ان سب سے زیادہ مستحق عبادت ہے۔ اور جن سے مدد چاہی جاتی ہے تو ان سب

وَأَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ، وَأَوْسَعُ مَنْ أَعْطٰى؛ اَللّٰهُمَّ

سے زیادہ مددگار ہے۔ اور تمام مالکوں سے زیادہ مہربان تو ہے۔ اور جن سے مانگا جاتا ہے

أَنْتَ الْمَلِكُ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ

تو ان سب سے بڑا سخی ہے، اور تمام داد ودہش کرنے والوں سے زیادہ کشادہ دست تو ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

لَكَ، كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَكَ، لَنْ

اے اللہ! تو ہی بادشاہ ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، اور تو ہی طاق ہے تیرا کوئی مثل نہیں، تیری

تُطَاعَ إِلَّا بِإِذْنِكَ، وَلَنْ تُعْصَى إِلَّا بِعِلْمِكَ،

ذات کے علاوہ ہر شے فنا ہونے والی ہے، تیرے حکم کے بغیر عبادت نہیں ہوتی، تیرے علم

تُطَاعُ فَتَشْكُرُ، وَتُعْصَى فَتَغْفِرُ؛ أَقْرَبُ شَهِيدٍ،

کے بغیر نافرمانی نہیں ہوتی، تیری اطاعت کی جائے تو تو قبول فرماتا ہے اور تیری نافرمانی

وَأَدْنَى حَفِيظٍ، حُلْتَ دُونَ النُّفُوسِ، وَأَخَذْتَ

کی جائے تو تو معاف کرتا ہے۔ تو قریب ترین گواہ ہے، اور نزدیک ترین نگہبان ہے، تیرا

بِالنَّوَاصِي، وَكَتَبْتَ الآثَارَ، وَنَسَخْتَ الآجَالَ؛

تصرف دلوں پر چلتا ہے، اور سب کی چوٹیاں تیری مٹھی میں ہیں، لوگوں کے نشانات یعنی

اَلْقُلُوبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ، وَالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ،

اعمال باقیہ تیری قید تحریر میں ہیں۔ اور لوگوں کی عمریں تو نے لکھ رکھی ہیں، قلوب کے احوال

اَلْحَلَالُ مَا أَحْلَلْتَ، وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ،

تیرے سامنے واضح ہیں، اور سارے بھید تیرے سامنے ظاہر ہیں، اور تیری حلال کردہ اشیا

www.besturdubooks.wordpress.com

وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ، وَالْأَمْرُ مَاقَضَيْتَ؛ اَلْخَلْقُ

ہی حلال ہیں، اور تیری حرام کردہ اشیا ہی حرام ہیں، اور سچا دین تو وہ ہی ہے جسے تو نے

خَلْقُكَ، وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ؛ وَأَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ

وَتَرْضٰى. اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَيْتَنِيْ بِهٖ مِنْ رَّخَاءٍ

پسند کے کاموں میں لگا دے۔ یا اللہ! اور جس خوش حالی یا تنگ دستی کے

وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِيْ بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَشَرِيْعَةِ

ذریعے تو مجھے آزمائے تو تو مجھے سچے راستے اور اسلام کے طریقے

الْإِسْلَامِ. (مسند الفردوس للديلمي ۱:۴۷۴)

پر جمائے رکھنا۔

۲۹ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِي الْأَشْيَاءِ

یا اللہ! میں تجھ سے تمام چیزوں کی پوری پوری نعمت مانگتا ہوں اور ان

كُلِّهَا، وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَيْهَا حَتّٰى تَرْضٰى، وَبَعْدَ

پر اس قدر زیادہ شکر گزاری کی توفیق مانگتا ہوں جس سے تو خوش ہو جائے

www.besturdubooks.wordpress.com

الرِّضَا الْخِيَرَةَ فِي جَمِيْعِ مَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْخِيَرَةُ،

اور رضامندی کے بعد لائق اختیار تمام چیزوں میں اختیار چاہتا ہوں،

وَبِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْأُمُوْرِ كُلِّهَا لَا بِمَعْسُوْرِهَا

اور اے کریم! تمام کاموں کی پوری پوری آسانی چاہتا ہوں نہ کہ

يَا كَرِيْمُ. (كنز العمال، ۲: ۶۷۳)

ان کی دشواری۔

۳۰ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْإِصْبَاحِ، وَجَاعِلَ اللَّيْلِ

اے اللہ! اے صبح کو پھاڑ نکالنے والے اور رات کو باعثِ سکون بنانے

سَكَنًا، وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا؛ اِقْضِ

والے، اور اے آفتاب ومہتاب کو (شہور وایام کی) گنتی کا ذریعہ بنانے

عَنِّيْ الدَّيْنَ، وَأَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ، وَقَوِّنِيْ عَلَى

والے میرے سارے قرضے چکادے، اور میری فقیری مالداری سے بدل

الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ. (ابن أبي شيبة، ۷: ۲۶)

دے، اور تیری راہ میں جہاد کرنے کی طاقت وتوانائی بخش۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(۳۱) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ

اے اللہ! ساری تعریفوں کا مستحق تو ہی ہے خواہ اپنی مخلوق پر تو نے انعام کیا ہو یا بلا اتاری

إِلٰى خَلْقِكَ، وَلَكَ الْحَمْدُ فِي بَلَائِكَ

ہو، اور ساری تعریفیں تیرے لیے ہی خاص ہیں، خواہ تو نے ہمارے گھر والوں پر انعام

وَصَنِيْعِكَ إِلٰى أَهْلِ بُيُوْتِنَا، وَلَكَ الْحَمْدُ فِي

اتارا ہو یا بلا، اور ساری تعریفیں تیرے ہی ساتھ خاص ہیں خواہ تو نے خاص ہم پر انعام

بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ إِلٰى أَنْفُسِنَا خَاصَّةً، وَلَكَ

اتارا ہو یا بلا، اور ساری تعریفیں تیرے لیے خاص ہیں ہمیں ہدایت دینے پر، اور ساری

الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا، (وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا أَكْرَمْتَنَا،)

تعریفیں تیرے لیے خاص ہیں ہمیں عزت بخشنے پر، اور ساری تعریفیں تیرے لیے خاص

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا، وَلَكَ الْحَمْدُ

ہیں ہماری پردہ پوشی کرنے پر، اور ساری تعریفیں تیرے لیے مخصوص ہیں قرآن کے عطا

بِالْقُرْآنِ، وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْأَهْلِ وَالْمَالِ،

کرنے پر، اور ساری تعریفیں تیرے لیے مخصوص ہیں اہل وعیال و مال دولت عطا کرنے

www.besturdubooks.wordpress.com

وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاةِ، وَلَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى

پر، اور ساری تعریفیں تیرے لیے مخصوص ہیں ہمیں تندرستی عطا کرنے پر، اور ہم تیری اتنی

تَرْضٰى، وَلَكَ الْحَمْدُ إِذَا رَضِيْتَ يَا أَهْلَ

تعریف کرتے ہیں کہ جس سے تو خوش ہو جائے، اور اے وہ ذات جس سے ڈرا جاتا ہے،

التَّقْوٰى وَأَهْلَ الْمَغْفِرَةِ! (كنز العمال، ۲: ۶۹۲)

اور اے بخشنے والے جب تو راضی ہو جائے تو بھی ساری تعریفیں تیرے لیے مخصوص ہیں۔

۳۲ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ

یا اللہ! مجھے تیری پسند اور چاہت کے اقوال، اعمال،

وَالْعَمَلِ وَالْفِعْلِ وَالنِّيَّةِ وَالْهُدٰى، إِنَّكَ عَلٰى

افعال، نیتوں اور نیکیوں کی توفیق عطا فرما، بے شک تو

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (كنز العمال، ۲: ۲۰۹)

ہر کام کر سکتا ہے۔

۳۳ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ

اے اللہ! اے ساتوں آسمان کے رب اور اے بڑے عرش کے مالک تو ہر

www.besturdubooks.wordpress.com

الْعَظِيْمِ، (اَللّٰهُمَّ) اكْفِنِيْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ

مشکل میں میری حفاظت فرما جس طرح حفاظت کرنا چاہے اور جہاں

شِئْتَ، وَمِنْ أَيْنَ شِئْتَ. (کنز العمال، ۲:۱۲۲)

سے کرنا چاہے۔

۳۴ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ، حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَا

اللہ میرے دین کے لیے کافی ہے، اللہ میرے پریشان کن امور کے

أَهَمَّنِيْ، حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ، حَسْبِيَ

لیے کافی ہے، اللہ مجھ پر زیادتی کرنے والے کے لیے کافی ہے، اللہ

اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ، حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ

مجھ سے حسد کرنے والے کے لیے کافی ہے، اللہ میرے خلاف بری

بِسُوْءٍ، حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ، حَسْبِيَ اللّٰهُ

سازش کرنے والے کے لیے کافی ہے، اللہ بوقت موت کافی ہے،

عِنْدَ الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ، حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ

اللہ قبر میں ہونے والے سوال کے وقت کافی ہے، اللہ بوقت وزنِ

www.besturdubooks.wordpress.com

الْمِيْزَانِ، حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ، حَسْبِيَ

اعمال کافی ہے، اللہ پل صراط سے گزرنے کے وقت کافی ہے، وہ

اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ (وَهُوَ رَبُّ

اللہ کافی ہے جس کے سوا دوسرا کوئی معبود نہیں اسی پر میں نے بھروسہ

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ). (کنز العمال، ۲:۱۵۵)

کیا اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

(۳۵) اَللّٰهُمَّ حَبِّبِ الْمَوْتَ إِلٰى مَنْ يَّعْلَمُ أَنَّ

یا اللہ ہر اس آدمی کی نظر میں موت کو محبوب بنا دے

سَيِّدَنَا مُحَمَّداً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جس کا یہ یقین ہو کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے

رَسُوْلُكَ. (الجامع الصغیر، ۱:۱۸۸)

پیغمبر ہیں۔

(۳۶) اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ رَبٌّ عَظِيْمٌ لَّا يَسَعُكَ شَيْءٌ

یا اللہ! یقیناً تو بڑا رب ہے، تیری مخلوق میں سے کوئی بھی چیز تیرا احاطہ نہیں

www.besturdubooks.wordpress.com

مِمَّا خَلَقْتَ، وَأَنْتَ تَرٰى وَلَا تُرٰى، وَأَنْتَ

کر سکتی اور تو سب کو دیکھنے والا ہے، مگر تو احاطۂ نظر میں آنے والا نہیں، اور تو

بِالْمَنْظَرِ الْأَعْلٰى، وَأَنَّ لَكَ الْاٰخِرَةَ وَالْأُوْلٰى،

بلندیوں سے ہمیں دیکھ رہا ہے، اور پہلے اور پچھلے دونوں گھروں کا مالک تو

وَلَكَ الْمَمَاتُ وَالْمَحْيَا، وَإِلَيْكَ الْمُنْتَهٰى

ہی ہے، اور تو ہی موت وحیات کا مالک ہے، اور تیری ہی ذات تک ہر چیز

وَالرُّجْعٰى، نَعُوْذُبِكَ أَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى.

کی انتہا ہے اور ہر شے کی واپسی تیری ہی طرف ہونے والی ہے، ہم ذلت

(کنز العمال، ۲:۲۰۷)

اور رسوائی سے تیری پناہ وحفاظت میں آتے ہیں۔

۳۷ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ،

یا اللہ! میں تجھ سے شکر گزاروں جیسا بدلہ اور مقربین جیسی

وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ، وَمُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ، وَيَقِيْنَ

مہمانی، اور انبیا کی رفاقت اور صدیقین جیسا یقین اور

www.besturdubooks.wordpress.com

الصِّدِّيْقِيْنَ، وَذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ، وَإِخْبَاتَ

متقین جیسی عاجزی اور اہل یقین جیسی مسکنت چاہتا ہوں،

الْمُوْقِنِيْنَ، حَتّٰى تَوَفَّانِيْ عَلٰى ذٰلِكَ يَا أَرْحَمَ

تا آنکہ اے ارحم الراحمین ان ہی (خصال حمیدہ) پر تو مجھے

الرَّاحِمِيْنَ. (كنز العمال، ٦٣١:٢)

وفات دے۔

(۳۸) اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِقَةِ عَلَيَّ،

اے اللہ! میں تجھ سے مجھ پر نازل کی گئی پچھلی نعمتوں کے صدقے میں، اور ان

وَبَلَائِكَ الْحَسَنِ الَّذِي ابْتَلَيْتَنِيْ بِهٖ، وَفَضْلِكَ

بہترین آزمائشوں کے صدقے میں جن میں تو نے مجھے مبتلا کیا تھا، اور تیرے

الَّذِيْ فَضَّلْتَ عَلَيَّ، أَنْ تُدْخِلَنِيَ الْجَنَّةَ بِمَنِّكَ

مجھ پر ان انعاموں کے صدقے میں جو تو نے مجھ پر کیے یہ درخواست کرتا ہوں

وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ. (كنز العمال، ٢٠٧:٢)

کہ تو مجھے اپنی رحمت اور فضل اور احسان سے جنت میں لے جائے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۳۹ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ،

اے اللہ! میں تیرے روئے انور اور تیرے عظیم حکم کے

وَأَمْرِكَ الْعَظِيْمِ، أَنْ تُجِيْرَنِي مِنَ النَّارِ

صدقے میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ تو مجھے جہنم اور ناشکری

وَالْكُفْرِ وَالْفَقْرِ. (کنز العمال، ۲:۲۰۷)

اور فقیری سے بچائے۔

۴۰ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْفُجَاءَةِ،

اے اللہ! ناگہانی موت سے، سانپ کے ڈسنے سے اور درندے

وَمِنْ لَّدْغَةِ الْحَيَّةِ، وَمِنَ السَّبُعِ، وَمِنَ الْغَرَقِ،

سے اور غرقابی سے اور جلنے سے اور کسی چیز پر میرے گر جانے

وَمِنَ الْحَرَقِ، وَمِنْ أَنْ أَخِرَّ عَلٰى شَيْءٍ، وَمِنَ

سے اور میدانِ جہاد سے مفرور ہو کر قتل کیے جانے سے تیری پناہ

الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ. (کنز العمال، ۲:۲۰۷)

وحفاظت میں آتا ہوں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(۴۱) اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ إِيْمَاناً دَائِماً، وَهُدًى قَيِّماً، وَعِلْماً نَّافِعاً. (کنز العمال، ۲:۲۰۸)

یا اللہ! میں تجھ سے لازوال ایمان اور مضبوط ہدایت اور نفع بخش علم چاہتا ہوں۔

(۴۲) اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِّفَاجِرٍ عِنْدِيْ نِعْمَةً أُكَافِيْهِ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ. (کنز العمال، ۲:۲۱۱)

اے اللہ! تو مجھ پر کسی فاسق کا احسان نہ رکھ جس کا مجھے دنیا و آخرت میں بدلہ دینا پڑے۔

(۴۳) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ، وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ، وَطَيِّبْ لِيْ كَسْبِيْ، وَقَنِّعْنِيْ بِمَارَزَقْتَنِيْ، وَلَاتُذْهِبْ طَلَبِيْ إِلٰى شَيْءٍ صَرَّفْتَهٗ عَنِّيْ. (کنز العمال، ۲:۶۸۲)

اے اللہ! میرے گناہ کو بخش دے، اور میرے اخلاق کو درست کر، اور میری کمائی کو پاکیزہ کردے اور تیری دی ہوئی روزی پر مجھے قناعت و اکتفا نصیب کر اور جس چیز کو تو نے مجھ سے پھیر دیا ہو اس کا مجھے طلب گار نہ بنا۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۴۴ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ؛ بِسْمِ

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے نام کی

اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى أَهْلِيْ

برکت چاہتا ہوں خود اپنے اوپر اور اپنے دین پر، اور اللہ کے نام کی برکت چاہتا ہوں،

وَمَالِيْ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ أَعْطَانِيْ رَبِّيْ،

اپنے اہل وعیال اور مال ومتاع پر، اللہ کے نام کی برکت چاہتا ہوں ہر اس چیز پر جو

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْأَسْمَاءِ، بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْأَرْضِ

میرے رب نے مجھے عطا کی، اللہ کے نام کی برکت چاہتا ہوں جو تمام ناموں میں

وَالسَّمَاءِ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ

بہترین ہے، اللہ کے نام سے برکت چاہتا ہوں جو زمین وآسمان کا رب ہے، اس اللہ

دَاءٌ، بِسْمِ اللّٰهِ افْتَتَحْتُ، وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ،

کے نام کی برکت چاہتا ہوں جس کا نام ہوتے ہوئے کوئی بیماری نقصان نہیں پہنچا سکتی،

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ أَحَدًا؛ أَسْأَلُكَ

اللہ کے نام سے میں کام کا آغاز کرتا ہوں اور اللہ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں، اللہ اللہ میرا رب

www.besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ الَّذِيْ لَا يُعْطِيْهِ غَيْرُكَ،

ہے اس کے ساتھ میں کسی کو شریک نہیں ٹھہراؤں گا۔ اے اللہ! میں تیری وہ خیر مانگتا ہوں

عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَائُكَ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ،

جو تیرے علاوہ کوئی دینے والا نہیں، تیری پناہ میں آنے والا طاقتور ہو جاتا ہے اور تیری حمد

اِجْعَلْنِيْ فِيْ عِيَاذِكَ وَجِوَارِكَ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ

وثنا عظیم ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو مجھے ہر برائی سے اور مردود شیطان سے اپنی

وَّمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَجِيْرُكَ

پناہ وحفاظت میں لے لے۔ اے اللہ! میں تیری تمام مخلوقات سے تیری پناہ وحفاظت

مِنْ جَمِيْعِ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْتَ، وَأَحْتَرِسُ بِكَ

چاہتا ہوں، اور ان کے مقابلے میں میں تجھے نگہبان بناتا ہوں اور میں اپنا پیش خیمہ سورۂ

مِنْهُنَّ، وَأُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيَّ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

اخلاص کو بناتا ہوں، شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان ہے نہایت رحم

الرَّحِيْمِ. قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝

والا ہے، کہیے وہ اللہ ایک ہے، اللہ ہی بے نیاز ہے، جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ وہ کسی

www.besturdubooks.wordpress.com

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ○

سے جنا، اور اس کے جوڑ کا کوئی نہیں (اس سورۃ کو میں اپنے لیے حفاظتی ڈھال بناتا

مِنْ أَمَامِيْ، وَمِنْ خَلْفِيْ، وَعَنْ يَّمِيْنِيْ، وَعَنْ

ہوں) میرے آگے سے بھی اور میرے پیچھے سے بھی اور میرے دائیں سے بھی اور

شِمَالِيْ، وَمِنْ فَوْقِيْ، وَمِنْ تَحْتِيْ. (کنز العمال، ۲:۲۲۱)

میرے بائیں سے بھی اور میرے اوپر سے بھی اور میرے نیچے سے بھی۔

(۴۸) خَلَقْتَ رَبَّنَا فَسَوَّيْتَ، وَقَدَّرْتَ رَبَّنَا

اے ہمارے پروردگار! تو نے بنایا اور ٹھیک ٹھیک بنایا، اور اے ہمارے

فَقَضَيْتَ، وَعَلٰى عَرْشِكَ اسْتَوَيْتَ، وَأَمَتَّ

پروردگار تو نے تقدیر لکھی، پھر اسی کے مطابق فیصلے فرمائے، اور تو اپنے عرش

فَأَحْيَيْتَ، وَأَطْعَمْتَ فَأَشْبَعْتَ، وَأَسْقَيْتَ

پر قائم ہوا، اور تو مارتا اور جلاتا ہے، اور تو کھلاتا ہے تو شکم سیر کر دیتا ہے، اور

فَأَرْوَيْتَ، وَحَمَلْتَ فِيْ بَرِّكَ وَبَحْرِكَ عَلٰى

پلاتا ہے تو سیراب کر دیتا ہے، اور تو اپنی خشکیوں اور سمندروں میں اپنی

www.besturdubooks.wordpress.com

فُلْكِكَ وَعَلٰى دَوَابِّكَ وَعَلٰى أَنْعَامِكَ؛

کشتیوں اور سواریوں اور چوپایوں پر سوار کرتا ہے، سو تو میرے لیے اپنے

فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ وَلِيْجَةً، وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ

دربار کا درباری بنائے جانے کا فیصلہ کرلے، اور اپنی بارگاہ میں میرے لیے

زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ، وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ

اونچا مقام اور بہتر قیام گاہ بنا، اور مجھے ان لوگوں میں شامل فرما جو تیرے

مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ وَيَرْجُوْ لِقَائَكَ، وَاجْعَلْنِيْ

حضور پیشی سے اور تیری وعیدوں سے ڈرتے ہیں، اور تیری ملاقات کی

مِمَّنْ يَّتُوْبُ إِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحاً ؛ وَأَسْأَلُكَ

امید رکھتے ہیں، اور مجھے ان میں شامل فرما، جو تیرے حضور سچی پکی توبہ

عَمَلاً مُّتَقَبَّلاً، وَعِلْماً نَّجِيْحاً، وَسَعْياً

کریں، اور میں تجھ سے مقبول اعمال، اور نافع علم اور بارآور محنت اور مندانہ

مَّشْكُوْراً، وَتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ. (کنز العمال، ۲:۲۲۳)

پڑنے والے کاروبار کا طلبگار رہوں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(۴۶) اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُشْهِدُكَ بِمَا شَهِدْتَّ بِهٖ عَلٰى

یا اللہ! میں اس (توحید) کی شہادت دیتا ہوں جس کی تو نے خود اپنے لیے

نَفْسِكَ، وَشَهِدَتْ بِهٖ مَلَائِكَتُكَ وَأَنْبِيَائُكَ

شہادت دی ہے، اور تیرے فرشتوں اور پیغمبروں اور اہل علم نے شہادت

وَأُولُوا الْعِلْمِ، وَمَنْ لَّمْ يَشْهَدْ بِمَا شَهِدْتَّ بِهٖ

دی ہے، اور جس (توحید) کی تو نے شہادت دی اس کی جس کافر نے

فَاكْتُبْ شَهَادَتِيْ مَكَانَ شَهَادَتِهٖ، أَنْتَ

شہادت نہ دی تو اس کی شہادت کی جگہ میری شہادت کو رقم کر لے، تو ہی

السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ

عیب سے محفوظ ہے اور ساری سلامتیوں کا سرچشمہ تیری ہی ذات ہے۔

وَالْإِكْرَامِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِيْ

اے اعزاز واکرام والے تو ہر طرح کی خیر والا ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے

مِنَ النَّارِ. (کنز العمال، ۲: ۱: ۶۴)

جہنم سے گلوخلاصی چاہتا ہوں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۴۷ اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ،

یا اللہ! موت کی شدتوں اور موت کی سختیوں کے وقت میری

وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ. (الترمذي، ۱:۱۹۲)

نصرت فرمانا۔

۴۸ [آخِرُ دُعَائِهٖ ﷺ] اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ

(حضرت نبی کریم ﷺ کی آخری دعا یہ تھی) اے اللہ! مجھے بخش دے، اور مجھ پر

وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى. (البخاري، ۲:۸۴۷)

مہربان ہو جا، اور بلند مرتبہ رفیق سے ملا دے۔

۴۹ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○

اپنے رب یعنی عزت کے مالک کی ان تمام عیوب سے پاکی بیان کرجنھیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

کافر لوگ اس کی طرف منسوب کرتے ہیں، اور بڑی سلامتی نازل ہو انبیا

الْعٰلَمِيْنَ ○ (الصافات ۱۸۰-۱۸۲)

پر، اور ساری تعریفیں تمام جہانوں کے پالنہار اللہ کے لیے خاص ہیں۔

www.besturdubooks.wordpress.com

281

www.besturdubooks.wordpress.com

منزل الجمعة

ساتویں منزل

www.besturdubooks.wordpress.com

خَاتِمَةٌ

اخیراً

فِيْ أَلْفَاظِ الصَّلَاةِ عَلٰى

درود وسلام کے چند صیغے لکھے جا رہے

خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ

ہیں، ان میں سے افضل ترین درود،

وَالسَّلَامُ، وَأَفْضَلُهَا مَاوَرَدَ

''درودِ ابراہیم'' ہے جو نماز میں

عُقَيْبَ التَّشَهُّدِ

التحیات کے بعد پڑھا جاتا ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

سب پر مہربان، نہایت رحم والے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

❶ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ

اے اللہ! تو اپنی رحمت سے محمد اور گھرانہ محمد کو اس طرح ڈھانپ

مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى

دے جس طرح کہ تو نے ابراہیم اور گھرانہ ابراہیم کو ڈھانپ

آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ

دیا تھا، بے شک تو لائق تعریف ہے، بزرگی والا ہے۔ اے اللہ!

بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا

محمد اور کنبۂ محمد پر خیر کثیر نازل فرما، جس طرح کہ تو نے ابراہیم

بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ،

اور کنبۂ ابراہیم پر خیر کثیر نازل فرمائی تھی، بے شک تو لائق

إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. (البخاري، ۱: ۴۷۷)

تعریف ہے، بزرگی والا ہے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۴ اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ

اے اللہ! اور محمد اور کنبۂ محمد پر ایسی مہربانی فرما جیسی کہ

مُحَمَّدٍ، كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى

ابراہیم اور کنبۂ ابراہیم پر مہربانی فرمائی تھی، بے شک تو لائقِ

آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ

تعریف ہے، بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! اور محمد اور کنبۂ

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا تَحَنَّنْتَ

محمد پر، ایسی شفقت فرما جیسی کہ ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ

تو نے شفقت فرمائی تھی، بلاشبہ تو لائق تعریف ہے، بزرگی والا

مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ

ہے، اے اللہ! اور محمد اور گھرانۂ محمد پر خوب سلام نازل فرما،

مُحَمَّدٍ، كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ

جیسے کہ تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر سلام نازل فرمایا تھا،

www.besturdubooks.wordpress.com

إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. (کنز العمال، ۲:۲۷۲)

بلاشبہ تو لائق تعریف ہے، بزرگی والا ہے۔

۴ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ (الْأُمِّيِّ)

اے اللہ! اُمّی پیغمبر محمد اور ان کی بیبیوں یعنی مؤمنین کی ماؤں کو

وَأَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ،

اور آپ کی اولاد کو اور گھر والوں کو اپنی رحمت سے اسی طرح

كَمَا صَلَّيْتَ (عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ) وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ؛

ڈھانپ دے جس طرح کہ تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم

(وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِ

کو ڈھانپ دیا تھا، اور اُمّی پیغمبر محمد اور کنبۂ محمد اور آپ کی

مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ، كَمَا

بیبیوں اور اہلِ خانہ اور اولاد پر خیر کثیر نازل فرما، جیسے کہ تو نے

بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ

جہاں والوں میں ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر خیر کثیر نازل فرمائی تھی،

www.besturdubooks.wordpress.com

فِي الْعَالَمِيْنَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. (أبوداود، ۱: ۱۴۱)

بے شک تو لائقِ تعریف ہے، بزرگی والا ہے۔

۴ اَللّٰهُمَّ أَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ

اے اللہ! تو ان کو روزِ قیامت میں اپنے پاس مقامِ ''قرب''

الْقِيَامَةِ. (مسند أحمد، ۵: ۸۰)

میں ٹھہرانا۔

۵ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ

اے اللہ! پیغمبروں کے سردار اور پرہیزگاروں کے پیشوا اور

عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ

آخری پیغمبر محمد یعنی نیکی کے امام اور بھلائی کے رہبر اور رحمت

النَّبِيِّيْنَ، مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، إِمَامِ

والے رسول، تیرے بندے اور تیرے نبی کو اپنی رحمتیں اور

الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ، رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ. اَللّٰهُمَّ

مہربانیاں اور بڑی بھلائیاں مرحمت فرما، یا اللہ ان کو

www.besturdubooks.wordpress.com

ابْعَثْهُ مَقَاماً مَّحْمُوْداً يَّغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُوْنَ

حمد وستائش کے ایسے منصب پر فائز فرما کہ جس پر سارے اگلے

وَالْآخِرُوْنَ. (ابن ماجة، ص٦٥. كنز العمال، ٢:٢٧٩)

پچھلے رشک کریں گے۔

٦ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ

یا اللہ! تو محمد اور کنبۂ محمد کو اپنی رحمتیں، مہربانیاں اور

وَرَحْمَتَكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ،

بھلائیاں اس طرح عطا فرما جس طرح کہ تو نے ابراہیم اور

كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ،

آلِ ابراہیم کو عطا فرمائی تھیں؛ بلاشبہ تو قابلِ تعریف ہے،

إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. (مسند أحمد، ٦:٤٨٤)

بزرگی والا ہے۔

٧ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ، وَأَبْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ

یا اللہ! تو محمد کو اپنی رحمت سے ڈھانپ دے اور جنت کے مقامِ "قرب"

www.besturdubooks.wordpress.com

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ مِنَ الْجَنَّةِ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

اور اس کے رُتبۂ بلند تک ان کی رسائی نصیب فرما، یا اللہ! تو اپنے

فِيْ الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ، وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ مَوَدَّتَهٗ،

برگزیدہ اور بلند رُتبہ اور مقرب بندوں کے قلوب میں ان کی یاد اور محبت

وَفِي الْأَعْلَيْنَ ذِكْرَهٗ، وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ

ومودّت ڈال دے اور ان پر اللہ کی طرف سے سلامتی، مہربانی اور بڑی

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ. (القول البديع، ص ۱۰۶)

بھلائی نازل ہو۔

۸ اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ، وَبَارِئَ

یا اللہ! اے مفروش زمینوں کے بچھانے والے، اے بلند آسمانوں کے

الْمَسْمُوْكَاتِ، وَجَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰى فِطْرَتِهَا

پیدا کرنے والے، اور اے پیدائشی نیک وبد (دونوں طرح کے) قلوب کے

شَقِيِّهَا وَسَعِيْدِهَا، اِجْعَلْ شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ،

حاکم، تو اپنی باعزت رحمتیں اور ترقی پذیر بھلائیاں اور کامل شفقتیں عطا فرما،

www.besturdubooks.wordpress.com

وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ، وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلَى مُحَمَّدٍ

اپنے بندے اور اپنے رسول محمد کو جو چلی آرہی نبوت کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ، وَالْفَاتِحِ

والے اور مقفل سعادتوں کو کھولنے والے اور سچائی کے ساتھ دین حق کا اعلان

لِمَا أُغْلِقَ، وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ، وَالدَّامِغِ

کرنے والے اور باطل لشکروں کی اس طرح سرکوبی کرنے والے ہیں جس

لِجَيْشَاتِ الْأَبَاطِيْلِ، كَمَا حُمِّلَ، فَاضْطَلَعَ

طرح کہ آپ ﷺ پر یہ ذمہ داری لادی گئی تھی، سو وہ تیرے حسب حکم تیری

بِأَمْرِكَ لِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِزاً فِيْ مَرْضَاتِكَ بِغَيْرِ

اطاعت کے لیے، تیری رضاجوئی میں مستعدی دکھاتے ہوئے قدم

نَكَلٍ عَنْ قَدَمٍ، وَلَا وَهْنٍ فِيْ عَزْمٍ، وَاعِياً

ڈگمگائے بغیر اور ہمت وحوصلہ میں سستی دکھائے بغیر، تیرے فرمان کی

لِوَحْيِكَ، حَافِظاً لِعَهْدِكَ، مَاضِياً عَلَى نَفَاذِ

پاسداری کرتے ہوئے اور تیرے عہد وپیمان کی حفاظت کرتے ہوئے،

www.besturdubooks.wordpress.com

أَمْرِكَ، حَتّٰى أَوْرٰى قَبَساً لِّقَابِسٍ، آلَاءُ اللّٰهِ

اور تیرے حکم کو نافذ کرتے ہوئے کمر بستہ ہو گئے، تا آں کہ انھوں نے طالبِ

تَصِلُ بِأَهْلِهٖ أَسْبَابَهٗ، بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ

روشنی کے لیے مشعل روشن کر دی۔ طالبینِ نور کو منور راستوں پر اللہ ہی کی

خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْإِثْمِ، وَأَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ

نعمتیں پہنچایا کرتی ہیں۔ آپ کی وجہ سے ہی بے دین، گنہگار دلوں کو ہدایت

الْأَعْلَامِ، وَمُنِيْرَاتِ الْإِسْلَامِ، وَنَائِرَاتِ

ملی، اور آپ ہی کی وجہ سے اللہ نے کھلے دلائل اور اسلامی انوار اور منور احکام

الْأَحْكَامِ، فَهُوَ أَمِيْنُكَ الْمَأْمُوْنُ، وَخَازِنُ

کو ظاہر فرمایا، سو آپ ﷺ تیرے لائقِ اعتبار امین ہیں، اور تیرے ذخیرۂ علم

عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ، وَشَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ،

کے خزانچی ہیں، اور آپ ﷺ ہی روزِ قیامت میں امت کے احوال بتانے

وَبَعِيْثُكَ نِعْمَةً، وَرَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً.

والے ہیں، اور آپ ﷺ از راہِ کرم تیرے فرستادہ نبی ہیں اور از راہِ عنایت

www.besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ مَفْسَحاً فِيْ عَدْنِكَ، وَاجْزِهٖ

تیرے سچے رسول ہیں۔ الٰہی! ان کے لیے اپنی دائمی جنت میں ان کی کشادہ

مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ، مُهَنَّئَاتٍ لَّهٗ

رہائش گاہ کو مزید کشادگی دے اور تو ان کو اپنے فضل سے اضافہ شدہ

غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ مِّنْ وُّفُوْرِ ثَوَابِكَ الْمَضْنُوْنِ،

بھلائیاں یعنی اپنا مخصوص ثوابِ وافر اور اپنا بڑا ذخیرہ بخشش مرحمت فرما،

وَجَزِيْلِ عَطَائِكَ الْمَخْزُوْنِ. اَللّٰهُمَّ أَعْلِ عَلٰى

دراں حالیکہ وہ ان کے لیے باعث خوش گواری ہو اور باعث ناگواری نہ ہو،

بِنَاءِ الْبَانِيْنَ بِنَائَهٗ، وَأَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَنُزُلَهٗ،

یا اللہ! تمام عمارت سازوں کی عمارتوں کے بالمقابل آپ کے محل کو بلندی عطا

وَأَتْمِمْ لَهٗ نُوْرَهٗ، وَاجْزِهٖ مِنِ ابْتِعَاثِكَ لَهٗ مَقْبُوْلَ

فرما، اور اپنے یہاں ان کی اقامت وضیافت کا باعزت انتظام فرمانا، اور ان

الشَّهَادَةِ، وَمَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ، ذَامَنْطِقٍ عَدْلٍ،

کے لیے ان کے نور کو مکمل فرما۔ اور آپ کو میدان محشر میں قابلِ اعتبار گواہ،

www.besturdubooks.wordpress.com

وَّخُطَّةِ فَصْلٍ، وَّحُجَّةٍ وَّبُرْهَانٍ عَظِيْمٍ صَلَّى

خوش گفتار، راست گو، حق و باطل کے درمیان دوٹوک فیصلہ کرنے والے، اور

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (کنز العمال، ۲: ۲۷۰)

صاحب دلائل کی حیثیت سے فائز المقام بنا کر اعزاز بخشے، ﷺ۔

۹ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا سَامِعِيْنَ مُطِيْعِيْنَ، وَأَوْلِيَاءَ

اے اللہ! ہمیں تیرے احکام کا سننے والا اور ماننے والا اور بے لاگ

مُخْلِصِيْنَ، وَرُفَقَاءَ مُصَاحِبِيْنَ، اَللّٰهُمَّ أَبْلِغْهُ مِنَّا

فرماں بردار اور لائق صحبت رفیق بنالے، اے اللہ! آں حضرت ﷺ

السَّلَامَ، وَارْدُدْ عَلَيْنَا مِنْهُ السَّلَامَ. (مصنف ابن أبي شيبة، ۷: ۸۲)

کو ہمارا سلام پہنچا، اور ہمیں بھی آپ کا جوابی سلام پہنچا۔

۱۰ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ

یا اللہ پیغمبر محمد پر درود بھیجنے والی تیری مخلوق کی بہ قدر ان پر درود

صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ

بھیج، اور پیغمبر محمد پر اسی طرح اپنی رحمتیں نازل فرما جس طرح کہ

www.besturdubooks.wordpress.com

النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِي لَنَا أَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْهِ، وَصَلِّ

ہمارے لیے دعائے رحمت کرنا مناسب ہو، اور تو پیغمبر محمد پر اس

عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ كَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُصَلِّيَ

طرح رحمتیں اتار جیسا کہ تو نے ہمیں ان کے لیے دعائے رحمت

عَلَيْهِ. (كنز العمال، ۲:۲۶۶)

کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

(۱۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ

الٰہی! تو محمد کو اپنی رحمت سے اس قدر ڈھانپ لے کہ تیری (دی جانے

صَلَوَاتِكَ شَيْءٌ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى

والی) رحمتوں میں سے کچھ بھی باقی نہ رہے، اور محمد کو اتنی بھلائیوں سے

لَا يَبْقٰى مِنْ بَرَكَاتِكَ شَيْءٌ، وَسَلِّمْ عَلٰى

نواز کہ تیری (دی جانے والی) بھلائیوں میں کچھ بھی باقی نہ رہے، اور

مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ السَّلَامِ شَيْءٌ،

محمد پر اتنا سلام نازل فرما کہ تیرے (اتارے جانے والے) سلاموں میں

www.besturdubooks.wordpress.com

(وَارْحَمْ مُحَمَّداً حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ

سے کچھ بھی باقی نہ رہے، اور محمد پر اتنی مہربانیاں فرما کہ تیری (کی جانے

رَّحْمَتِكَ شَيْءٌ). (کنز العمال، ۲:۲۷۸)

والی) مہربانیوں میں سے کچھ بھی باقی نہ بچے۔

۱۲ جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّداً بِمَا هُوَ أَهْلُهٗ.

یا اللہ ہماری جانب سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی شایانِ شان بدلہ

(کنز العمال، ۲:۲۳۴)

عطا فرما۔

۱۳ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِي الْأَرْوَاحِ،

اے اللہ! تمام روحوں میں سے روحِ محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے،

وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْأَجْسَادِ، وَصَلِّ

اور تمام اجسام میں سے جسدِ محمد کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے، اور تمام

عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ. (القول البدیع، ص۱۱۶)

قبروں میں سے روضۂ محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے۔

www.besturdubooks.wordpress.com

۱۴ إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ،

اللہ اور اس کے فرشتے رسول پر رحمت بھیجتے ہیں، اے ایمان والو تم بھی

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْماً.

ان کے لیے دعائے رحمت کرو اور خوب خوب سلام بھیجو، اے اللہ،

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ، صَلَوَاتُ اللّٰهِ

اے میرے پروردگار میں تیری خدمت میں بار بار حاضر ہوں اور

الْبَرِّ الرَّحِيْمِ، وَالْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ، وَالنَّبِيِّيْنَ

تیری بار بار مساعدت و مدد کرتا ہوں۔ مہربان و نیکوکار اللہ اور اس کے

وَالصِّدِّيْقِيْنَ، وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ، وَمَا سَبَّحَ

مقرب فرشتوں اور انبیا اور صدیقین اور شہدا اور صالحین اور اے رب

لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَّا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ، عَلٰى مُحَمَّدِ

العالمین تیری تسبیح خوانی کرنے والی تمام اشیا کی رحمتیں محمد بن عبداللہ

بْنِ عَبْدِاللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ، وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ،

پر نازل ہوں جو آخری پیغمبر اور سردار انبیا اور پیشوائے اتقیا اور رسولِ

www.besturdubooks.wordpress.com

وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ، وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ،

ربُّ العالمین اور خوشخبری سنانے والے گواہ اور (یا اللہ) تیرے حسب

الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ، الدَّاعِيْ إِلَيْكَ بِإِذْنِكَ،

حکم تیری بندگی کی جانب مخلوق کو بلانے والے روشن چراغ ہیں،

السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ، وَعَلَيْهِ السَّلَامُ. (القول البدیع ص ۱۲۱)

اور آپ پر ضرور سلام نازل ہو۔

۱۵ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدِنِ الْكُبْرٰى،

الٰہی! محمد کی بڑی سفارش کو منظور فرمالینا، اور ان کے

وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا، وَأَعْطِهِ سُؤْلَهُ

بلند ترین رتبے کو مزید رفعت دینا، اور دنیا و آخرت میں ان

فِي الْاٰخِرَةِ وَالْأُوْلٰى، كَمَا آتَيْتَ إِبْرَاهِيْمَ

کی مراد پوری فرمانا جس طرح تو نے ابراہیم و موسیٰ کی

وَمُوْسٰى. (مصنف عبد الرزاق ۲: ۲۱۱۔ القول البدیع ص ۱۲۲)

پوری فرمائی تھی۔

www.besturdubooks.wordpress.com

(۱۶) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّداً مِّنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ

الٰہی! محمد کو اپنے بندوں میں بلحاظ اعزاز اکرام کے معزز ترین اور سب

عَلَيْكَ (كَرَامَةً)، وَمِنْ أَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً،

میں بلحاظ مرتبہ کے بلند ترین اور سب میں بلحاظ قدر و منزلت کے عظیم ترین

وَ(مِنْ) أَعْظَمِهِمْ عِنْدَكَ خَطَراً، وَّ(مِنْ)

اور سب میں بلحاظ شفاعت کے اپنا منظورِ نظر بنا دے۔ الٰہی! ان کی امت

أَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً، اَللّٰهُمَّ أَتْبِعْهُ مِنْ أُمَّتِهِ

و ذریت میں سے اتنی بڑی مقدار میں ان کا پیروکار بنا دے جن سے ان

وَذُرِّيَّتِهِ مَاتَقَرُّ بِهِ عَيْنُهُ، وَاجْزِهِ عَنَّا خَيْرَ مَاجَزَيْتَ

کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں اور ہماری جانب سے ان کو وہ بہترین صلہ

نَبِيًّا عَنْ أُمَّتِهِ، وَاجْزِ الْأَنْبِيَاءَ كُلَّهُمْ خَيْراً،

مرحمت فرما جو تو نے کسی نبی کو اس کی امت کی جانب سے دیا ہو۔ اور تمام

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

انبیا کو بہتر بدلہ عطا فرما۔ اور پیغمبروں کو بڑی سلامتی پہنچے اور ساری حمد و ثنا

www.besturdubooks.wordpress.com

الْعَالَمِيْنَ. (القول البدیع ص ۱۲۲)

رب العالمین کے لیے مخصوص ہے۔

۱۷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ،

اے اللہ اے سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے! تو محمد اور

وَأَصْحَابِهٖ وَأَوْلَادِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ، وَمُحِبِّيْهِ

کنبۂ محمد اور ان کے اصحاب اور ان کی اولاد اور اہل خانہ اور ان کی مبارک

وَأَتْبَاعِهٖ وَأَشْيَاعِهٖ، وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ أَجْمَعِيْنَ،

نسل اور ان کے چاہنے والوں اور ان کے پیروکاروں اور ان کے اعوان

يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ!. (القول البدیع، ص ۱۲۲)

وانصار اور ان تمام کے ساتھ ہم کو بھی اپنی رحمت سے ڈھانپ لے۔

۱۸ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا

اے اللہ! محمد پر دنیا و آخرت بھر کر رحمتیں نازل

وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّلْءَ

فرما، اور محمد پر دنیا و آخرت بھر کر بھلائیاں

www.besturdubooks.wordpress.com

الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا مِّلْءَ

نازل فرما، اور محمد پر دنیا و آخرت بھر کر

الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ، وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

مہربانیاں نازل فرما، اور محمد پر دنیا و آخرت بھر

مِلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ. (القول البدیع، ص ۱۲۲)

کر سلام نازل فرما۔

⑲ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ يَااللّٰهُ، يَارَحْمٰنُ، يَارَحِيْمُ،

یا اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! اے بڑے مہربان، اے

يَاجَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ، يَا مَأْمَنَ الْخَائِفِيْنَ،

نہایت رحم والے، اے پناہ گزینوں کی پناہ گاہ، اے خوفزدوں کی امن گاہ،

يَاعِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ، يَاسَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ

اے بے سہاروں کے سہارے، اے بے آسراؤں کے آسرا، اے بے

لَهٗ، يَاذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ، يَاحِرْزَ الضُّعَفَاءِ،

مایوں کے ذخیرے، اے ناتوانوں کی حفاظت گاہ، اے حاجتمندوں کے

www.besturdubooks.wordpress.com

يَا كَنْزَ الْفُقَرَاءِ، يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ، يَا مُنْقِذَ الْهَلْكٰى،

خزانے، اے بڑی آرزوگاہ، اے قریب الہلاکت لوگوں کے نجات

يَا مُنْجِيَ الْغَرْقٰى، يَا مُحْسِنُ، يَا مُجْمِلُ، يَا مُنْعِمُ،

دہندہ، اے ڈوبتوں کے بچانے والے، اے نیکوکار، اے کرم فرما، اے

يَا مُفْضِلُ، يَا عَزِيْزُ، يَا جَبَّارُ، يَا مُنِيْرُ، أَنْتَ الَّذِيْ

ولی نعمت، اے فیاض، اے زبردست، اے صاحب تسلط، اے

سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ، وَضَوْءُ النَّهَارِ، وَشُعَاعُ

خوبصورت، تو ہی وہ عظیم ذات ہے جس کے سامنے رات کی تاریکی اور دن

الشَّمْسِ، وَنُوْرُ الْقَمَرِ، وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ، وَدَوِيُّ

کا اجالا اور سورج کی ضیا اور چاند کا چاندنا اور درختوں کی سرسراہٹ اور پانی

الْمَاءِ، يَا اَللّٰهُ أَنْتَ اللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، أَسْأَلُكَ

کی گھڑ گھڑاہٹ سجدہ ریز ہے، اے اللہ! تو ہی اللہ ہے جسکا کوئی ساجھی

أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

نہیں، میری تجھ سے یہ التجا ہے کہ تو اپنے بندے اور اپنے رسول محمد اور آل

www.besturdubooks.wordpress.com

وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ. (القول البدیع، ص ۱۲۳)

محمد کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے۔

۲۰ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ! محمد اور آل محمد کو روز قیامت اگلوں اور

فِي الْأَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ، وَفِي الْمَلَأِ الْأَعْلٰى

پچھلوں میں اور رفیع المرتبت دربار کے فرشتوں میں اپنی

إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ. (القول البدیع ص ۱۲۴)

رحمت سے ڈھانپ لے۔

۲۱ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ (وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ)

یا اللہ! محمد اور کنبۂ محمد کو ایسی رحمتوں سے ڈھانپ لے جن سے تو انھیں

كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ. (القول البدیع ص ۱۲۵)

ڈھانپنا چاہے اور پسند فرمائے۔

۲۲ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ،

یا اللہ! محمد اور آل محمد کو ایسی رحمتوں سے ڈھانپ لے جو تجھے پسند ہوں اور

www.besturdubooks.wordpress.com

صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَاءً، وَ لِحَقِّهٖ أَدَاءً، وَأَعْطِهِ

جن سے ان کا حق ادا ہو جائے۔ اور انھیں جنت کے مقام قرب اور اپنے

الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ،

مقام حمد وستائش پر فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ اور انھیں

وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ أَهْلُهٗ، وَاجْزِهٖ عَنَّا أَفْضَلَ

ہماری جانب سے ان کی شایانِ شان بدلہ عطا فرما، اور انھیں ہماری طرف

مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ أُمَّتِهٖ، وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ

سے وہ بہتر صلہ مرحمت فرما جو تو نے کسی پیغمبر کو اس کی قوم کی طرف سے

إِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصَّالِحِيْنَ يَا أَرْحَمَ

مرحمت فرمایا ہو۔ اور اے تمام مہربانوں سے بڑھ کر مہربان تو ان کے سب

الرَّاحِمِيْنَ. (القول البدیع ص ۱۲۵)

بھائیوں: پیغمبروں اور نیکوکاروں کو بھی اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے۔

۴۳ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْأَوَّلِيْنَ، وَصَلِّ

اے اللہ! روز قیامت تک کے تمام اگلوں میں محمد کو اپنی رحمتوں سے

www.besturdubooks.wordpress.com

عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْآخِرِيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

ڈھانپ لے، اور تمام پچھلوں میں محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے،

(فِي النَّبِيِّيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِيْنَ،

اور تمام انبیا میں محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے، اور تمام رسولوں

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْمَلَأِ الْأَعْلٰى) إِلٰى

میں محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے، اور اللہ کے بلند دربار کے

يَوْمِ الدِّيْنِ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى تَرْضٰى،

فرشتوں میں محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے، اے اللہ! محمد کو اپنی

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بَعْدَ الرِّضَا، وَصَلِّ عَلٰى

رحمتوں سے اس قدر ڈھانپ لے کہ تو راضی ہو جائے، اور راضی

مُحَمَّدٍ أَبَدًا أَبَدًا، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا

ہو جانے بعد بھی محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے، اور محمد کو ہمیشہ

أَمَرْتَ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا

ہمیش رحمتوں سے ڈھانپے رکھنا۔ اے اللہ! محمد پر اس طرح رحمتیں

www.besturdubooks.wordpress.com

تُحِبُّ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمیں ان کے لیے دعائے رحمت کرنے کا

كَمَا أَرَدْتَّ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

مامور بنایا ہے، اور محمد پر ایسی رحمتیں نازل فرما جیسی تو ان پر نازل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ رِضَا

فرمانا پسند کرے، اور محمد پر ایسی رحمتیں نازل فرما جیسی تو ان پر نازل

نَفْسِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ،

کرنے کا ارادہ فرمائے، اے اللہ! محمد پر اپنی مخلوق کی تعداد کی

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّدَادَ كَلِمَاتِكَ الَّتِيْ لَا تَنْفَدُ.

بقدر رحمتیں نازل فرما، اور محمد پر اپنے جی کی چاہت کی بقدر رحمتیں

اَللّٰهُمَّ وَأَعْطِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ، وَالْفَضْلَ

نازل فرما، اور محمد پر اپنے عرش کے وزن کی بقدر رحمتیں نازل فرما، اور

وَالْفَضِيْلَةَ، وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ، اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ

محمد پر تیرے ختم نہ ہونے والے کلمات کی روشنائی کی بقدر رحمتیں نازل

www.besturdubooks.wordpress.com

بُرْهَانَهٗ، وَأَفْلِجْ حُجَّتَهٗ، وَأَبْلِغْهُ مَأْمُوْلَهٗ فِيْ أَهْلِ

فرما، اے اللہ! محمد کو اپنا مقام قرب اور احسان اور بزرگی اور بلند رتبہ

بَيْتِهٖ وَأُمَّتِهٖ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ

عطا فرما، الٰہی! ان کی نبوت کی دلیل اور حجت کو عظمت و غلبہ

وَرَأْفَتَكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ

عطا فرما، اور ان کے اہل بیت اور ان کی امت کے بارے میں انکی

وَصَفِيِّكَ، وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ،

امید بر لا، الٰہی! تو اپنے محبوب و برگزیدہ (نبی) محمد اور ان کے پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِأَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ

وصاف اہل خانہ کو اپنی رحمتوں، بھلائیوں، شفقتوں اور مہربانیوں سے

عَلٰى أَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

نواز۔ الٰہی! محمد پر وہ بہترین رحمتیں نازل فرما جو تیری مخلوق میں سے

مِثْلَ ذٰلِكَ، وَارْحَمْ مُحَمَّداً مِثْلَ ذٰلِكَ، اَللّٰهُمَّ

کسی پر بھی نازل فرمائی ہوں، اور محمد پر اسی طرح کی بھلائیاں بھی

www.besturdubooks.wordpress.com

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي اللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى، وَصَلِّ

نازل فرما، اور محمد پر اسی طرح کی مہربانیاں نازل فرما، اور محمد کو اپنی

عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي النَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى، وَصَلِّ عَلٰى

رحمتوں سے ڈھانپ لے جب کبھی (دن پر) رات چھا جائے

مُحَمَّدٍ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْأُوْلٰى، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے جب کبھی دن روشن ہو جائے،

مُحَمَّدِنِ الصَّلٰوةَ التَّامَّةَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ

اور محمد کو دنیا و آخرت میں اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے، اے اللہ!

الْبَرَكَةَ التَّامَّةَ، وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ السَّلَامَ

محمد پر اپنی کامل رحمتیں نازل فرما، اور محمد پر تمام بھلائیاں نازل

التَّامَّ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ

فرما، اور محمد پر خوب خوب سلام اتار۔ اے اللہ! بھلائی کے

الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

پیشوا اور بھلائی کے مقتدا اور رحمت کے رسول کو اپنی رحمتوں سے

www.besturdubooks.wordpress.com

أَبَدَ الْآبِدِيْنَ، و(صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ) دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ.

ڈھانپ لے، الٰہی محمد کو ہمیشہ ہمیش اپنی رحمت سے ڈھانپے رکھ،

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ

اور محمد کو اپنی رحمت سے دائماً ابداً ڈھانپے رکھ، یا اللہ! امی، عربی،

الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْأَبْطَحِيِّ التِّهَامِيِّ الْمَكِّيِّ،

قریشی، ہاشمی، بطحائی، حجازی، مکی، تاج دار، عصا دار، مجاہد، شریف،

صَاحِبِ التَّاجِ وَالْهِرَاوَةِ، وَالْجِهَادِ (وَالْكَرَامَةِ)،

مالک غنیمت، تقسیم کار، غلہ رسد اور خیرات کے بانٹنے والے، فوجی

وَالْمَغْنَمِ (وَالْمَقْسَمِ)، صَاحِبِ الْخَيْرِ وَالْمَيْرِ،

دستوں والے، اور داد و دہش والے، مافوق العادت دلائل والے،

صَاحِبِ السَّرَايَا وَالْعَطَايَا، وَالْآيَاتِ الْمُعْجِزَاتِ،

اور واضح علامتوں والے، اور متمکن مقام تقرب، ساقی حوض

وَالْعَلَامَاتِ الْبَاهِرَاتِ، وَالْمَقَامِ الْمَشْهُوْدِ،

کوثر، سفارش کرنے والے، اور ستودہ صفات پروردگار کے آگے سجدہ

www.besturdubooks.wordpress.com

وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ، وَالشَّفَاعَةِ وَالسُّجُوْدِ لِلرَّبِّ

ریز، پیغمبر: محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے، اے اللہ! محمد پر ان

الْمَحْمُوْدِ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ

لوگوں کی بقدر رحمت نازل فرما جنھوں نے آپ کے لیے دعائے

صَلّٰى عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ

رحمت کی، اور محمد پر ان لوگوں کی بقدر بھی رحمتیں نازل فرما جنھوں نے

يُصَلِّ عَلَيْهِ. (القول البديع، ص ۱۲۷)

آپ کے لیے دعائے رحمت نہ کی۔

۴۴ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ

اے اللہ اس محمد کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے جس کے نور کی وجہ سے تاریک

أَشْرَقَتْ بِنُوْرِهِ الظُّلَمُ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

راتیں جگمگا اٹھیں، یا اللہ! ہمارے ایسے پیشوا محمد کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے

مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّكُلِّ الْأُمَمِ، اَللّٰهُمَّ

جو تمام امتوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گئے، یا اللہ! ہمارے ایسے سردار محمد کو

www.besturdubooks.wordpress.com

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ لِلسِّيَادَةِ

اپنی رحمت سے ڈھانپ لے جن کا سرداری اور پیغام رسانی کے لیے تخلیق

وَالرِّسَالَةِ قَبْلَ خَلْقِ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ، اَللّٰهُمَّ

لوح وقلم سے پہلے ہی انتخاب ہو چکا تھا، اے اللہ! ہمارے ایسے آقا محمد کو اپنی

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَوْصُوْفِ بِأَفْضَلِ

رحمت سے ڈھانپ لے جو بہترین اخلاق وعادات سے متصف ہیں۔ یا اللہ

الْأَخْلَاقِ وَالشِّيَمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہمارے ایسے آقا محمد کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے جو مختصر اور جامع کلام

مُحَمَّدِ نِ الْمَخْصُوْصِ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، وَخَوَاصِّ

اور خاص الخاص حکمتوں کے ساتھ مختص ہیں، یا اللہ! محمد کو اپنی رحمتوں سے

الْحِكَمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

ڈھانپ لے جن کی مجلسوں میں کسی کی آبروریزی نہیں ہوتی تھی، اور ظلم

كَانَ لَا تُنْتَهَكُ فِيْ مَجَالِسِهِ الْحُرَمُ، وَلَا يُغْضِيْ

کرنے والے سے چشم پوشی نہیں کی جاتی تھی، یا اللہ! ہمارے ایسے سردار محمد کو

www.besturdubooks.wordpress.com

عَنْ مَّنْ ظَلَمَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنی رحمتوں سے ڈھانپ لے جن پر ابر سایہ فگن رہتا تھا جہاں جہاں آپ

الَّذِيْ كَانَ إِذَا مَشٰى تُظِلُّهُ الْغَمَامَةُ حَيْثُ

تشریف لے جاتے، یا اللہ! ہمارے ایسے سردار محمد کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپ

مَا يَمَّمَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ

لے جن (کی نبوت کی تصدیق) کے لیے چاند بھی دو ٹکڑے ہو گیا تھا، اور

انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ، وَكَلَّمَهُ الْحَجَرُ وَأَقَرَّ بِرِسَالَتِهٖ

جن سے سنگریزوں نے بھی شرفِ ہم کلامی حاصل کیا تھا اور جن کی نبوت

وَصَمَّمَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ

کا پختہ اعتراف کیا تھا، اے اللہ! تو ہمارے ایسے آقا محمد کو اپنی رحمتوں سے

أَثْنٰى عَلَيْهِ رَبُّ الْعِزَّةِ رِضًا فِيْ سَالِفِ الْقِدَمِ،

ڈھانپ لے جن کی رب العزت نے دیرینہ زمانے میں خوش ہو کر تعریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ صَلّٰى

و توصیف بیان فرمائی۔ اے اللہ! ہمارے ایسے پیشوا محمد کو اپنی رحمتوں سے

www.besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ رَبُّنَا فِيْ مُحْكَمِ كِتَابِهٖ وَأَمَرَ أَنْ يُّصَلّٰى

ڈھانپ لے جن پر ہمارے رب نے اپنی کتابِ محکم میں رحمت نازل فرمائی

عَلَيْهِ وَيُسَلَّمَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اور ہمیں بھی ان کے لیے دعائے رحمت وسلام کا حکم فرمایا۔ یا اللہ ان کو اور ان

وَأَصْحَابِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ مَاانْهَلَّتِ الدِّيَمُ، وَمَا جُرَّتْ

کے صحابہ اور ان کی ازواج کو اپنی رحمتوں سے ڈھانپے رکھیے جب تک کہ

عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ أَذْيَالُ الْكَرَمِ، وَسَلَّمَ تَسْلِيْماً

بارشیں برستی رہیں اور جب تک کہ خطا کاروں پر دامنِ عفو وکرم پھیلا رہے

وَّشَرَّفَ وَكَرَّمَ. (القول البديع، ص۱۲۹)

اور انھیں بھرپور سلام اور اعزاز واکرام سے نواز۔

۲۵ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّابِقِ

اے اللہ! ہمارے ایسے آقا محمد پر جن کا نور سب سے پہلے پیدا کیا گیا اور

لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ، وَالرَّحْمَةِ لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ،

جن کا وجود سارے جہانوں کے لیے باعث رحمت ہوا تیری سابقہ

www.besturdubooks.wordpress.com

عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ، وَمَنْ

اور باقی مخلوق اور نیک و بد مخلوق کی گنتی کی بقدر ایسی رحمت نازل فرما

سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ، صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ،

جو ساری گنتیوں پر حاوی اور تمام حدود کو محیط ہو، وہ ایسی رحمت ہو جس کی

وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ، صَلَاةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَلَا انْتِهَاءَ،

نہ کوئی غایت ہو نہ کوئی انتہا ہو اور نہ کوئی حد ہو اور نہ کوئی اختتام ہو۔ ایسی

وَلَا أَمَدَ لَهَا وَلَا انْقِضَاءَ، صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ،

رحمت جو تیرے دوام کے ساتھ ساتھ باقی رہنے والی ہو اور ان کے آل

وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ كَذَالِكَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

واصحاب کے لیے بھی، (ہماری) یہی دعا ہے اور اس بات پر ہم اللہ کی ثنا

عَلٰى ذٰلِكَ. (القول البدیع، ص ۱۳۰)

خوانی کر رہے ہیں۔

۴۶ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

اے اللہ اپنے بندے اور پیغمبر محمد کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور مومن

www.besturdubooks.wordpress.com

وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

مردوں اور عورتوں اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو بھی اپنی رحمت سے

وَالْمُسْلِمَاتِ ۔ (مسند أبي يعلى، ص ۳۰۶، القول البديع، ص۲۶۹)

ڈھانپ لے۔

۴۷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ،

اے اللہ محمد اور کنبۂ محمد پر اپنی رحمت نازل فرما اور ہمیں اے اللہ اپنی ایسی

وَهَبْ لَنَا اَللّٰهُمَّ مِنْ رِّزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ

جائز پاکیزہ اور خیر کثیر والی روزی مرحمت فرما جس کی وجہ سے تو اپنی مخلوق میں

الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْهَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ

سے کسی کے سامنے دست سوال پھیلانے سے ہماری عزتوں کی حفاظت

إِلٰى أَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ، وَاجْعَلْ لَّنَا اَللّٰهُمَّ إِلَيْهِ

فرمائے، اور اے اللہ ہمارے لیے حصول رزق کا ایک ایسا آسان راستہ

طَرِيْقًا سَهْلًا مِّنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ وَّلَا مِنَّةٍ

بنادے جس میں ہمیں نہ کوئی مشقت پہنچے اور نہ کوئی تھکان اور نہ کوئی ہم

www.besturdubooks.wordpress.com

وَلَا تَبِعَةٍ، وَجَنِّبْنَا اَللّٰهُمَّ الْحَرَامَ حَيْثُ كَانَ

پر احسان جتائے اور نہ کوئی ضرر پہنچائے، اور اے اللہ ہمیں حرام روزی سے

وَأَيْنَ كَانَ وَعِنْدَ مَنْ كَانَ، وَحُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ

بچا خواہ وہ جیسی بھی ہو اور جہاں کہیں ہو اور جس کسی کے پاس ہو اور تو ہمارے

أَهْلِهِ، وَاقْبِضْ عَنَّا أَيْدِيَهُمْ، وَاصْرِفْ عَنَّا

اور حرام رزق والوں کے درمیان حائل ہو جا اور ہم (پر حرام روزی خرچ کرنے)

قُلُوْبَهُمْ حَتّٰى لَا نَتَقَلَّبَ إِلَّا فِيْ مَا يُرْضِيْكَ،

سے ان کے ہاتھوں کو روک لے، اور ہم سے ان کے دلوں کو پھیر دے تاکہ ہم

وَلَا نَسْتَعِيْنَ بِنِعْمَتِكَ إِلَّا عَلٰى مَا تُحِبُّ

